(مَنْ یُّصْرَفْ عَنْهُ) اخوین اور شعبہ کے لئے بفتح الیاء وکسر الراء اور باقیین کے لئے بضم الیاء وفتح الراء کا حفص۔ (ثُمَّ لَمْ تَكُنْ) اخوین کے لئے بیاء التذکیر اور باقیوں کے لئے بتاء التانیث، اور (فِتْنَتُھُمْ) میں مکی شامی اور حفص کے لئے بالرفع اور باقیوں کے لئے بالنصب۔ پس ان دونوں میں تین قرأتیں ہوئیں:- (۱) تذکیر مع النصب اخوین کے لئے (۲) تانیث مع الرفع مکی شامی و حفص کے لئے۔ (۳) تانیث مع النصب باقیین کے لئے۔ (وَاللّٰهِ رَبِّنَا) اخوین کے لئے بنصب الباء اور باقیین کے لئے بکسر الباء کا حفص ہے۔ (وَلَا نُكَذِّبَ وَنَكُوْنَ) حفص وحمزہ کے لئے بنصب الباء و النون دونوں میں اور شامی کے لئے صرف وَنَكُوْنَ میں نصب ہے۔ اور باقیین کے لئے دونوں میں رفع ہے۔ (وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَۃُ) شامی کے لئے بلام واحدہ وکسر تاء آخرہ (بالاضافۃ) مخفف الدال ہے اور باقیین کے لئے بلامین مع تشدید الدال وَلَلدَّارُ الْاٰخِرَۃُ مع رفع التاء کا حفص ہے۔ (اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ) نافع شامی و حفص کے لئے یہاں اور اعراف و یوسف میں تینوں جگہ بتاء الخطاب ہے، اور شعبہ کے لئے صرف یوسف میں اور باقیین کے لئے یہ سب بیاء الغیب ہیں، اور نافع وابن ذکوان کے لئے یٰسٓ میں بھی۔ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ وَ

Scanned with CamScanner
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مَا اَنْزَلْنٰهُ بتاء الخطاب ہے۔ اور باقیین کے لیے بیاء الغیب کا لحفص۔ (فَاِنَّھُمْ لَا یُکَذِّبُوْنَکَ) نافع وکسائی کے لیے مخفف اور باقیین کے لیے مشدد ہے۔ (اَرَاَیْتَکُمْ) کَاَرَءَیْتُمْ وَ اَرَءَیْتَ وَ اَفَرَءَیْتَ اَفَرَءَیْتُمْ وغیرہ جبکہ راء کے ماقبل متصل ہمزۂ استفہام ہو تو نافع کے لیے ہمزۂ ثانیہ کی تسہیل ہے اور ورش کے لیے دوسری وجہ ابدال بالالف بھی ہے۔ اور کسائی کے لیے اس ہمزہ کا اسقاط وحذف ہے۔ باقیین کے لیے کالحفص تحقیق ہمزہ مقرر ہے۔ (فَتَحْنَا عَلَیْھِمْ) وَلَفَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَرَکٰتٍ بالاعراف۔ وفُتِحَتْ یَاْجُوْجُ بالانبیاء۔ وَفُتِحَتْ اَبْوَابُ السَّمَآءِ بالقمر۔ شامی کے لیے بتشدید التاء ہر چہار جگہ اور باقیین کے لیے بتخفیف التاء کالحفص ہے۔ اور وَ فَتَحْنَا عَلَیْھِمْ بَابًا سورۂ مؤمنون میں بالاتفاق مخفف ہے۔

(بِالْغَدٰوۃِ) شامی کے لیے یہاں اور کہف میں بالواو المفتوحہ مع ضم الغین وسکون الدال ہے۔ اور باقیین کے لیے بالالف مع فتح الغین والدال کالحفص ہے۔ (اِنَّهٗ مَنْ عَمِلَ) و (فَاِنَّهٗ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ) نافع شامی عاصم کے لیے بفتح الہمزہ پہلے میں، اور شامی عاصم کے لیے دوسرے میں اور باقیین کے لیے دونوں میں بکسر الہمزہ ہے۔ (وَلِتَسْتَبِیْنَ) اخوین اور شعبہ کے لیے بالیاء اور باقیین کے لیے بالتاء کالحفص ہے۔ (سَبِیْلُ الْمُجْرِمِیْنَ) نافع کے لیے بنصب اللام وباقیین کے لیے بالرفع کالحفص ہے۔ (یَقُصُّ الْحَقَّ) حرمین وعاصم کے لیے بصاد مضمومہ مشددہ اور باقیین کے لیے بضاد مکسورہ مع سکون القاف ہے اور وقف بحذف الیاء ہوگا جمیع کے لیے تبعاً للخط۔ (تَوَفَّتْهُ رُسُلُنَا) وَ اسْتَهْوَتْهُ الشَّیٰطِیْنُ حمزہ کے لیے بالالف الممالۃ بعد الفاء والواو تَوَفّٰهُ وَ اسْتَهْوٰهُ ہے اور باقیین کے لیے بتاء تانیث ساکنہ کالحفص۔ (خُفْیَةً) یہاں اور اعراف میں شعبہ کے لیے بکسر الخاء اور باقیوں کے لیے بضم الخاء ہے۔ (لَئِنْ اَنْجٰنَا) کوفیین کے لیے بالالف بعد الجیم اور باقیین کے لیے بیائے ساکنہ مع تائے خطاب مفتوحہ اَنْجَیْتَنَا ہے۔ (قُلِ اللّٰهُ یُنَجِّیْکُمْ) کوفیین وہشام کے لیے بفتح النون وتشدید الجیم اور باقیین کے لیے باسکان النون وتخفیف الجیم ہے۔ (وَ اِمَّا یُنْسِیَنَّکَ) شامی کے لیے بتشدید السین اور باقیوں کے لیے بتخفیف السین ہے۔ (رَاٰ کَوْکَبًا) وَ رَاٰ اَیْدِیَھُمْ وغیرہ، اخوین وشعبہ اور ابن ذکوان کے لیے

سہ اور یاء دونوں قرأت میں مضموم ہی ہے کما فی الغیث۔ منہ ظفرلہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بامالۃ الراء والہمزاور ورش کے لئے بتقلیل الراء والہمزاور بصری کے لئے بامالۃ الہمز فقط اور باقین کے لئے بالفتح کالحفص ظاہر ہے۔ (رَءَا لْقَ) ورَءَاهَا ورَءَاهُ فَرَءَاهُ وغیرہ ورش کے لئے بتقلیل الراء والہمز اور شعبہ اخوین وابن ذکوان کے لئے بامالۃ الراء والہمز لیکن ابن ذکوان کے لئے بالخلاف ہے اور بصری کے لئے بامالۃ الہمز فقط اور باقین کے لئے بالفتح کالحفص ہے۔ اور ابن ذکوان کے لئے بھی یہی وجہ ثانی ہے۔ (دَرَاَ الْقَمَرَ) ورَءَا الشَّمْسَ شعبہ وحمزہ کے لئے بامالۃ الراء فقط اور باقین کے لئے بالفتح کالحفص ہے۔ (اَتُحَآجُّوْنِّیْ) نافع وابن ذکوان کے لئے بلا خلف اور ہشام کے لئے بالخلف بتخفیف النون ہے اور باقین کے لئے بتشدید النون کالحفص ظاہر ہے۔ (نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ) یہاں اور یوسف میں کوفیین کے لئے بتنوین دَرَجٰتٍ اور باقیوں کے لئے بغیر تنوین بالاضافت ہے۔ (وَالْيَسَعَ) اخوین کے لئے یہاں اور صٓ میں بفتح اللام مع التشدید واسکان الیاء اور باقین کے لئے باسکان اللام الواحدہ وفتح الیاء۔ (فَبِهُدٰىهُمُ اقْتَدِهْ) ہشام کے لئے کسرہ بغیر صلہ اور ابن ذکوان کے لئے کسرہ مع الصلۃ[عہ] اور اخوین کے لئے صرف وصل میں بحذف الہاء اور باقین کے لئے مطلقاً بالہاء الساکنہ فی الحالین ہے۔ (يَجْعَلُوْنَهٗ قَرَاطِيْسَ يُبْدُوْنَهَا وَيُخْفُوْنَ) مکی بصری کے لئے بیاء الغیب تینوں میں اور باقین کے لئے بتاء الخطاب ہے ہر جگہ۔ (وَلِيُنْذِرَ اُمَّ الْقُرٰى) شعبہ کے لئے بیاء الغیب اور باقین کے لئے بتاء الخطاب۔ (لَقَدْ تَّقَطَّعَ بَيْنَكُمْ) نافع حفص اور کسائی کے لئے بنصب النون اور باقین کے لئے برفع النون ہے۔ (جَعَلَ الَّيْلَ) کوفیین کے لئے جَعَلَ بروزن فَعَلَ ونصب لام لَيْلَ اور باقین کے لئے جٰعِلُ الَّيْلِ مع جر لام لَيْلِ ہے۔ (فَمُسْتَقَرٌّ) مکی بصری کے لئے بکسر القاف اور باقین کے لئے بفتح القاف ہے۔ (اِلٰى ثَمَرِهٖٓ) دو جگہ یہاں اور ایک سورہ یٰسٓ میں اخوین کے لئے بضمتین اور باقین کے لئے بفتحتین ہے۔ (وَخَرَقُوْا) نافع کے لئے بتشدید الراء اور باقین کے لئے بالتخفیف۔ (دَرَسْتَ) مکی بصری کے لئے بالالف وفتح التاء۔

عہ یہاں علامہ شاطبی اپنے طریق سے نکل گئے ہیں اور ابن ذکوان کے لئے دو وجہ ذکر فرما دیئے ہیں۔ کتاب میں تیسیر اور غیث کے موافق صرف وجہ مفرد مذکور ہے۔ ۱۲ ز

Scanned with CamScanner

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور شامی کے لیے بغیر الف و فتح السین مع سکون التاء. اور باقین کے لیے بغیر الف واسکان السین و فتح التاء کا مخفف ہے۔ (اَنَّهَا اِذَا جَاءَتْ) مکی بصری اور شعبہ کے لیے بکسر الہمزہ لیکن شعبہ کے لیے بالخلف ہے۔ اور باقین کے لیے بفتح الہمزہ کا مخفف ہے۔ اور یہی طریق ثانی ہے شعبہ کے لیے۔ (لَا تُؤْمِنُوْنَ) شامی اور حمزہ کے لیے بالتاء اور باقین کے لیے بالیاء۔ (كُلَّ شَيْءٍ قِبَلًا) نافع شامی کے لیے بکسر القاف و فتح الباء اور باقین کے لیے بضمتین کا مخفف ہے۔ (اَنَّهٗ مُنَزَّلٌ) شامی حفص کے لیے مشدد اور باقین کے لیے مخفف ہے۔ (كَلِمٰتُ رَبِّكَ) کوفیین کے لیے مفرد اور باقین کے لیے جمع ہے۔ (لیضلون) اور یونس میں لِيُضِلُّوْا، کوفیین کے لیے بضم الیاء اور باقین کے لیے بفتح الیاء ہے۔ (وَقَدْ فَصَّلَ لَكُمْ) نافع اور کوفیین کے لیے بفتح الفاء و الضاد اور باقین کے لیے بضم الفاء وکسر الصاد۔ (مَا حَرَّمَ) نافع اور حفص کے لیے بفتح الحاء والراء اور باقین کے لیے بضم الحاء وکسر الراء ہے۔ (اَوَمَنْ كَانَ مَيْتًا) اور یٰسین میں اَلْاَرْضُ الْمَيْتَةُ اور حجرات میں لَحْمَ اَخِيْهِ مَيْتًا نافع کے لیے تشدید الیاء تینوں میں اور باقین کے لیے باسکان الیاء مخفف ہے۔ (يَجْعَلُ رِسٰلَتَهٗ) مکی اور حفص کے لیے مفرد اور واحد ہے اور باقین کے لیے بالجمع وکسر التاء ہے۔ (ضَيِّقًا) یہاں، اور فرقان میں مکی کے لیے باسکان الیاء مخفف اور باقین کے لیے مشدد الیاء کا مخفف ہے۔ (حَرَجًا) نافع شعبہ کے لیے بکسر الراء اور باقین کے لیے بالفتح کا مخفف ہے۔ (كَاَنَّمَا يَصَّعَّدُ) مکی کے لیے بسکون الصاد مخفف بغیر الف ہے۔ اور شعبہ کے لیے تشدید الصاد مع الالف اور باقین کے لیے تشدید الصاد والعین بغیر الف کا مخفف ہے۔ (وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا) اور وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ كَاَنْ لَّمْ يَلْبَثُوْا ثانی یونس میں، اور وَيَوْمَ يَحْشُرُهُمْ جَمِيْعًا سبا میں، اور ثُمَّ نَقُوْلُ سبا میں، حفص کے لیے بیاء الغیب اور باقین کے لیے بنون المتکلم ہیں۔ (عَمَّا تَعْمَلُوْنَ) شامی کے لیے بالتاء اور باقیوں کے لیے بالیاء ہے۔ (عَلٰى مَكَانَتِكُمْ) (مَكَانَتِهِمْ) جہاں کہیں واقع ہوں جیسے ہود و زمر و یٰسین تو شعبہ کے لیے بالجمع اور باقین کے لیے التوحید۔ (مَنْ تَكُوْنُ لَهٗ عَاقِبَةُ الدَّارِ) یہاں اور قصص میں اخوین کے لیے بالیاء اور باقین کے لیے بالتاء ہے۔ (وَكَذٰلِكَ زُيِّنَ لِكَثِيْرٍ) شامی کے لیے بضم الزاء وکسر الیاء۔ وَقَتْلُ برفع اللام وَاَوْلَادَهُمْ بنصب الدال وَشُرَكَآئِهِمْ بکسر الہمزہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(اس قرأت میں مضاف و مضاف الیہ کے درمیان مفعول سے فصل لازم آرہا ہے) اور باقیین کے لیے بفتح الزاء و الیاء و نصب لام قَتْلَ وجر دال اَوْلَادِهِمْ مع رفع شُرَكَاؤُهُمْ کا لکھا ہے۔ (بِزَعْمِهِمْ) دو جگہ کسائی کے لیے بضم الزاء اور باقیین کے لیے بالفتح کا لکھا ہے۔ (وَاِنْ تَكُنْ) شامی اور شعبہ کے لیے بالتاء اور باقیوں کے لیے بالیاء کا لکھا ہے۔ (مَيْتَةٌ) مکی اور شامی کے لیے بالرفع اور باقیین کے لیے بالنصب کا لکھا ہے۔ (اَلَّذِيْنَ قَتَلُوْا) آل عمران میں مذکور ہو چکا ہے۔ (يَوْمَ حَصَادِهٖ) بصری شامی عاصم کے لیے بفتح الحاء اور باقیین کے لیے بکسر الحاء۔ (وَمِنَ الْمَعْزِ) نافع و کوفیین کے لیے باسکان العین اور باقیین کے لیے بفتح العین (خُطُوٰتِ الشَّيْطٰنِ) بقرہ میں گزر چکا ہے۔ (اِلَّآ اَنْ تَكُوْنَ) مکی شامی حمزہ کے لیے بالتاء اور باقیین کے لیے بالیاء کا لکھا (مَيْتَةً) شامی کے لیے بالرفع اور باقیین کے لیے بالنصب کا لکھا۔ (تَذَكَّرُوْنَ) حفص حمزہ کسائی کے لیے بتخفیف الذال مطلقاً جہاں کہیں آوے جبکہ تا کے ساتھ ہو اور باقیین کے لیے بتشدید الذال۔ (وَاَنَّ هٰذَا صِرَاطِيْ) اخوین کے لیے بکسر الہمزۃ اور باقیین کے لیے بفتح الہمزہ کا لکھا ہے۔ اور شامی کے لیے بتخفیف النون اور باقیین کے لیے بتشدید النون کا لکھا۔ (يصدفون) معاً سورہ نساء میں گزر چکا ہے۔ (اِلَّآ اَنْ تَاْتِيَهُمُ) یہاں اور نحل میں اخوین کے لیے بالیاء اور باقیین کے لیے بالتاء کا لکھا۔ (فَرَّقُوْا دِيْنَهُمْ) اخوین کے لیے یہاں اور روم میں بالف بعد الفاء مع تخفیف الراء اور باقیین کے لیے بلا الف مع تشدید الراء کا لکھا (دِيْنًا قِيَمًا) کوفیین اور شامی کے لیے قِيَمًا بکسر القاف و فتح الیاء مع التخفیف ہے اور باقیین کے لیے بفتح القاف وکسر الیاء مع التشدید۔

اس سورہ میں یاآت اضافہ مختلفہ آٹھ ہیں:۔ (اِنِّیْٓ اَخَافُ و اِنِّیْٓ اَرٰىكَ) حرمیین و بصری کیلئے بالفتح۔ (وَاِنِّیْٓ اُمِرْتُ و مَمَاتِیْ لِلّٰهِ) صرف نافع کے لیے بالفتح۔ (وَجْهِيَ لِلَّذِيْ) نافع شامی اور حفص کے لیے بالفتح۔ (صِرَاطِيْ مُسْتَقِيْمًا) صرف شامی کے لیے بالفتح۔ (رَبِّيْٓ اِلٰى صِرَاطٍ) نافع بصری کے لیے بالفتح۔ (وَمَحْيَايَ) قالون کے لیے بلا خلف اور ورش کے لیے بالخلف بالاسکان اور بقیہ کے لیے بالفتح ہے اور یائے زائدہ صرف ایک کلمہ وَقَدْ هَدٰىنِ میں ہے صرف وصل میں بصری کے لیے اثبات ہے فقط

(تمت سُوْرَۃُ الانعام بفضلہ تعالیٰ)

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الْاَعْرَاف

(قَلِيلًا مَّا تَتَذَكَّرُونَ) شامی کے لئے بزیادۃ الیاء قبل التاء اور باقیین کے لئے بغیر الیاء عہ کا لحفص (وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ) اور زخرف میں وَكَذَٰلِكَ تُخْرَجُونَ اخوین و ابن ذکوان کے لئے بفتح التاء و ضم الراء دونوں جگہ اور باقیین کے لئے بضم التاء و فتح الراء کا لحفص۔ (وَلِبَاسُ التَّقْوَىٰ) نافع شامی کسائی کے لئے بالنصب اور باقیین کے لئے بالرفع کا لحفص۔ (خَالِصَةً) نافع کے لئے بالرفع اور باقیین کے لئے بالنصب کا لحفص۔ (وَلَٰكِن لَّا يَعْلَمُونَ) شعبہ کے لئے بالیاء اور باقیوں کے لئے بالتاء کا لحفص۔ (لَا تُفَتَّحُ لَهُمْ) بصری کے لئے بالتاء مع التخفیف اور اخوین کے لئے بالیاء مع التخفیف اور باقیین کے لئے بالتاء مع التشدید کا لحفص۔ (مَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ) شامی کے لئے بغیر الواو اور باقیین کے لئے بالواو وَمَا كُنَّا کا لحفص ہے۔ (قَالُوا نَعَمْ) کسائی کے لئے بکسر العین مطلقاً اور باقیین کے لئے بالفتح کا لحفص۔ (اَنَّ لَعْنَةَ اللّٰهِ) بزی شامی اخوین کے لئے بتشدید النون و نصب التاء اور باقیین کے لئے بتخفیف النون مع رفع التاء کا لحفص۔ (يُغْشِي اللَّيْلَ النَّهَارَ) اخوین و شعبہ کے لئے مشدد از تفعیل، اسی طرح رعد میں بھی ہے۔ اور باقیین کے لئے دونوں جگہ مخفف از افعال کا لحفص۔ (وَالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُومَ مُسَخَّرَاتٍ) شامی کے لئے یہ کلمات اربع بالرفع ہیں اور باقیین کے لئے بالنصب لیکن مُسَخَّرَاتٍ کا نصب بالکسر ہوگا کا لحفص (وَخُفْيَةً) انعام میں گذر چکا۔ (وَالرِّيحَ) بقرہ میں مذکور ہے۔ (بُشْرًا) عاصم کے لئے باء مضمومہ و سکون شین ہے مطلقاً ہر جگہ جہاں واقع ہو۔ اور شامی کے لئے نون مضمومہ و سکون شین اور اخوین کے لئے بنون مفتوحہ و اسکان الشین اور باقیین کے لئے بنون مضمومہ و ضم الشین۔ (مِّنْ إِلَٰهٍ غَيْرُهُ) کسائی کے لئے مطلقاً بکسر الراء ہے جہاں کہیں واقع ہو اور باقیین کے لئے بالرفع کا لحفص۔ (أُبَلِّغُكُمْ)

عہ باقیین کے لئے اگرچہ بغیر الیاء ہے لیکن ذال کی تشدید و تخفیف کا اختلاف بحالہ المذکورۃ فی الانعام یہاں بھی موجود ہوگا۔ پس شامی يَتَذَكَّرُونَ یا ص تَذَّكَّرُونَ۔ ص اب تَذَكَّرُونَ۔ ز ۱۲

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس سورہ میں دو جگہ اور احقاف میں ایک بصری کے لیے مخفف ہے اور باقین کے لیے مشدد کا حفص بھی۔
(بصطۃ) بقرہ میں گذر چکا۔ (وَقَالَ الْمَلَأُ الَّذِينَ اسْتَكْبَرُوا) فی قصۃ صالح۔ شامی کے لئے بزیادۃ الواؤ
اور باقیوں کے لیے بغیر واؤ کا حفص ہے۔ (إِنَّكُمْ لَتَأْتُونَ) نافع حفص کے لیے ہمزہ مکسورہ واحدہ۔ باقین
کے لیے مع ہمزۂ استفہام ءِ اِنَّكُمْ ہے۔ (تَلْقَفُ) انعام میں مذکور ہو چکا۔ (أَوَ أَمِنَ) حرمین و شامی کے
لیے باسکان الواؤ اور باقین کے لیے بالفتح کا حفص۔ (حقیق عَلَىٰ أن لا) نافع کے لیے عَلَيَّ بفتح الیاء مع
التشدید ہے۔ باقین کے لیے عَلَىٰ کا حفص۔ (أَرْجِئْهُ) یہاں اور شعراء میں مکی اور ہشام کے لیے ہمزہ ساکنہ
مع ضمۂ ہاء بالصلہ أَرْجِئْهُو۔ بصری کے لیے بغیر صلہ أَرْجِئْهُ ابن ذکوان کے لیے کسرہ بغیر صلہ أَرْجِئْهِ۔ قالون
کے لیے بغیر ہمزہ کسرہ بغیر صلہ أَرْجِهِ۔ ورش کسائی کے لیے بغیر ہمزہ کسرہ مع الصلہ أَرْجِهِي۔ عاصم حمزہ کیلئے
بغیر ہمزہ مع اسکان ہا أَرْجِهْ ہے۔ اور وقف میں یہ ہا ساکن ہوگی بالاتفاق۔ اور جو لوگ اس کو مضموم پڑھتے
ہیں ان کے لیے اس میں روم و اشمام بھی جائز ہے۔ (بِكُلِّ سَاحِرٍ) یہاں اور یونس میں اخوین کے لیے بالف
بعد الحاء سَحَّارٍ مع تشدید الحاء ہے اور باقین کے لیے بالف بعد السین مع کسر الحاء مخفف کا حفص ہے۔
(إِنَّ لَنَا لَأَجْرًا) حرمین و حفص کے لیے ہمزہ مکسورہ اور باقین کے لیے ہمزتین اول مفتوح ثانی مکسور۔
(تَلْقَفُ) یہاں اور طٰہٰ و شعراء میں حفص کے لیے باسکان اللام مخفف ہے اور باقین کے لیے بفتح اللام مشدد ہے
(قَالَ فِرْعَوْنُ وَ آمَنْتُمْ بِهِ) قنبل کے لیے وصل میں ہمزہ استفہام کا ابدال بالواؤ ہے اور طٰہٰ میں حذف
ہمزہ استفہام مع تحقیق ثانیہ مع المد کا حفص۔ اور شعراء میں ہمزۂ استفہام مع تسہیل ثانیہ کا لنافع وغیرہ
حفص کے لیے تینوں جگہ حذف ہمزۂ استفہام مع تحقیق ثانیہ مع المد۔ اور اخوین و شعبہ کے لیے ہمزۂ استفہام
مع تحقیق ثانیہ تینوں میں۔ اور باقین کے لیے ہمزہ استفہام مع تسہیل ثانیہ اور وہ نافع مکی بصری شامی ہیں۔
شعراء میں۔ اور نافع بزی بصری شامی ہیں اعراف و طٰہٰ میں اور ان میں ادخال کسی سے ثابت نہیں ہے
لہٰذا نہ کرنا چاہیے۔ (سَنُقَتِّلُ) حرمین کے لیے بفتح النون وضم التاء سَنَقْتُلُ ہے مخفف اور باقین کے
لیے بضم النون وکسر التاء مشدد کا حفص ہے۔ (يَعْرِشُونَ) یہاں اور نحل میں شامی و شعبہ کے لیے بضم الراء

ہ مع تسہیل ہمزۂ ثانیہ۔ منہ غفر لہٗ۔

Scanned with CamScanner

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور باقین کے لئے بالکسر کا حفص۔ (یَعۡکُفُوۡنَ) اخوین کے لئے بکسر الکاف اور باقین کے لئے بالضم کا حفص۔ (وَاِذۡ اَنۡجَیۡنٰکُمۡ) شامی کے لئے بالالف بعد الجیم بغیر یاء و نون اور باقین کے لئے بالیاء والنون والف بعد النون کا حفص ہے۔ (یَقۡتُلُوۡنَ اَبۡنَآءَکُمۡ) نافع کے لئے بفتح الیاء و سکون القاف وضم التاء مخفف اور باقین کے لئے بضم الیاء و فتح القاف و کسر التاء مع التشدید کا حفص ہے۔ (جَعَلَہٗ دَکًّآءَ) اخوین کے لئے بالمد والهمز بغیر تنوین اور باقین کے لئے بالتنوین بغیر ہمزہ دَکًّا ہے۔ (بِرِسٰلٰتِیۡ) حرمیین کے لئے مفرد واحد بغیر الف بِرِسَالَتِیۡ ہے۔ اور باقین کے لئے جمع بِرِسَالَاتِیۡ ہے۔ (سَبِیۡلَ الرَّشَدِ) اخوین کے لئے بفتح الراء والشین اور باقین کے لئے بضم الراء و اسکان الشین۔ (مِنۡ حِلِیِّہِمۡ) اخوین کے لئے بکسر الحاء اور باقین کے لئے بالضم کا حفص۔ (لَئِنۡ لَّمۡ تَرۡحَمۡنَا وَتَغۡفِرۡ لَنَا) اخوین کے لئے بالتاء ہیں دونوں اور بنصب الباء رَبَّنَا ہے اور باقین کے لئے دونوں بالیاء مع رفع بائے رَبُّنَا کا حفص ہے۔ (قَالَ ابۡنَ اُمَّ) یہاں اور طہ میں شامی شعبہ اور اخوین کے لئے بکسر المیم اور باقین کے لئے بفتح المیم کا حفص ہے۔ (عَنۡہُمۡ اِصۡرَہُمۡ) شامی کے لئے بفتح الہمزہ مع الالف بالجمع اٰصَارَہُمۡ۔ اور باقین کے لئے بکسر الہمزہ بغیر الف مفرد واحد اِصۡرَہُمۡ کا حفص۔ (نَّغۡفِرۡ لَکُمۡ) نافع شامی کے لئے بتاء مضمومہ وفائے مفتوحہ اور باقین کے لئے بنون مفتوحہ و کسر الفاء کا حفص۔ (خَطِیۡٓئٰتِکُمۡ) بصری کے لئے خطایاکم بغیر ہمزہ اور شامی کے لئے بالہمز و رفع التاء بغیر الف خَطِیۡٓئَتُکُمۡ۔ اور نافع کے لئے بالف بعد الہمزہ مع رفع التاء خَطِیۡٓئٰتُکُمۡ اور باقین کے لئے بکسر التاء خَطِیۡٓئٰتِکُمۡ کا حفص ہے (قَالُوۡا مَعۡذِرَۃً) حفص کے لئے بالنصب اور باقین کے لئے بالرفع۔ (بِعَذَابٍۭ بَئِیۡسٍ) نافع کے لئے بکسر الباء بغیر ہمزہ مع الیاء بِیۡسٍ۔ اور شامی کے لئے بکسر الباء مع ہمزہ ساکنہ بِئۡسٍ۔ شعبہ کے لئے بالخلف بفتح الباء و ہمزہ مفتوحہ بعد الیاء بَیۡئَسٍ اور باقین کے لئے بفتح الباء و ہمزہ مکسورہ مع یائے ساکنہ بَئِیۡسٍ کا حفص ہے۔ اور شعبہ کے لئے یہی وجہ ثانی ہے۔ (اَفَلَا تَعۡقِلُوۡنَ) انعام میں گذر چکا۔ (وَالَّذِیۡنَ یُمَسِّکُوۡنَ) شعبہ کے لئے مخفف اور باقین کے لئے مشدد کا حفص ہے۔ (ذُرِّیّٰتِہِمۡ) نافع بصری شامی کے لئے بالجمع وکسر التاء اور باقین کے لئے واحد مع فتح التاء کا حفص ہے۔ (اَنۡ تَقُوۡلُوۡٓا) اور وَیَقُوۡلُوۡا بصری کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء کا حفص! (یُلۡحِدُوۡنَ) یہاں اور فصلت میں حمزہ کے لئے بفتح الیاء والحاء

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور باقیین کے لئے بضم الیا وکسر الحاء کا لحفص ہے۔ (دَیَذَرُهُمْ) بصری عاصم کے لئے بالیا ورفع الراء اور حمزہ وکسائی کے لئے بالیا وجزم الراء اور باقیین کے لئے بالنون ورفع الراء (لَه شِرْكًا) نافع وشعبہ کے لئے بکسر الشین وسکون الراء مع التنوین اور باقیین کے لئے بضم الشین وفتح الراء بالمد والهمز بغیر التنوین کا لحفص۔ (لَا يَتَّبِعُوكُمْ) یہاں اور شعراء میں يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُنَ بفتح الباء مخفف نافع کے لئے اور باقیین کے لئے بکسر الباء مشدد کا لحفص ہے۔ (طيف) مکی بصری اور کسائی کے لئے بغیر الهمز بلا الف طَيْفٌ ہے اور باقیین کے لئے بالالف مع الهمز کا لحفص طَائِفٌ ہے۔ (يُمِدُّونَهُمْ) نافع کے لئے بضم الیا وکسر المیم اور باقیوں کے لئے بفتح الیا وضم المیم کا لحفص ہے فقط

اور اس سورۃ میں یاآت اضافہ سات ہیں:- (رَبِّيَ الْفَوَاحِشَ) حمزہ کے لئے بالاسکان۔ (إِنِّيَ أَخَافُ وَمِنْ بَعْدِيَ أَعَجِلْتُمْ) حرمیین وبصری کے لئے بالفتح۔ (مَعِيَ بَنِيْ إِسْرَائِيلَ) حفص کے لئے بالفتح۔ (إِنِّيَ اصْطَفَيْتُكَ) مکی بصری کے لئے بالفتح۔ (عَنْ آيَاتِيَ الَّذِينَ) شامی حمزہ کے لئے بالاسکان۔ (عَذَابِيَ أُصِيبُ) صرف نافع کے لئے بالفتح ہے۔ اور یائے زائدہ صرف ثُمَّ كِيدُونِ ہے جو صرف ہشام کیلئے بالخلف وصلاً ووقفاً ثابت ہوگی اور بصری کے لئے صرف وصل میں اثبات یاء ہے اور باقیین کے لئے مطلقاً دونوں حالتوں میں حذف کا لحفص ظاہر ہے۔ —— تَمَّتْ سُورَةُ الْأَعْرَافِ بِفَضْلِهِ تَعَالَىٰ

سُورَةُ الْأَنْفَالِ

(مُرْدِفِينَ) نافع کے لئے بفتح الدال اور باقیین کے لئے بکسر الدال کا لحفص ہے۔ (إِذْ يُغَشِّيكُمُ) مکی بصری کے لئے بفتح الیا والشین والالف بعد الشین۔ (وَ النُّعَاسُ) برفع السین۔ اور نافع کے لئے يُغْشِيكُمُ بضم الیا وسکون الغین وکسر الشین ویائے ساکنہ والنعاس بالنصب۔ اور باقیین کے لئے بضم الیا وفتح الغین وکسر الشین مع التشدید مع نصب النعاس کا لحفص ہے۔ (الرُّعْبَ) آل عمران میں اور لکن اللہ معاً

سہ لَا يَتَّبِعُوكُمْ اور يَتَّبِعُهُمُ الْغَاوُنَ میں نافع کے لئے باسکان التاء وفتح الباء مخفف ہے اور باقیین کیلئے مثل حفص بکسر الباء و تشدید التاء منہ غفر لہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بقرہ میں گزر چکا ہے۔ (مُوَهِّنُ كَيْدِ) حرمیین و بصری کے لیے بفتح الواو و تشدید الہاء مع تنوین نون و بنصب دال کَیْدَ حفص کے لیے مُوْهِنُ كَيْدِ باسکان الواؤ و تخفیف الہاء بلا تنوین و کسر دال کَیْدِ اور باقیین کے لیے مُوْهِنٌ كَيْدَ مع التنوین و نصب کَیْدَ ہے۔ (وَاِنَّ اللّٰهَ مَعَ) نافع شامی حفص کے لیے بفتح الہمزہ اور باقیین کے لیے بکسر الہمزہ۔ (لِيَمِيْزَ اللّٰهُ) پہلے مذکور ہو چکا۔ (بِالْعُدْوَةِ) دو جگہ، مکی بصری کے لیے بکسر العین اور باقیین کے لیے بالضم کالحفص۔ (مَنْ حَيَّ عَنْ بَيِّنَةٍ) نافع بزی اور شعبہ کے لیے بیا بین اول مکسورہ و ثانی مفتوحہ مخفف اور باقیین کے لیے بیائے واحدہ مفتوحہ مشددہ کالحفص۔ (اِذْ يَتَوَفَّى الَّذِيْنَ) شامی کے لیے بتائین اور باقیین کے لیے بالیا و التا کالحفص۔ (وَلَا يَحْسَبَنَّ الَّذِيْنَ) شامی حفص اور حمزہ کے لیے بالیا اور باقیین کے لیے بالتا۔ (اِنَّهُمْ لَا يُعْجِزُوْنَ) شامی کے لیے بفتح الہمزہ اور باقیوں کے لیے بکسر الہمزہ کالحفص ہے۔ (لِلسَّلْمِ) شعبہ کے لیے بکسر السین اور باقیین کے لیے بفتح السین کالحفص۔ (وَاِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ يَغْلِبُوا وَفَاِنْ يَكُنْ مِنْكُمْ مِائَةٌ صَابِرَةٌ) کوفیین کے لیے بالیا دونوں جگہ اور بصری کے لیے صرف اول میں۔ اور باقیین کے لیے بالتا ہے دونوں جگہ۔ (فِيْكُمْ ضَعْفًا) عاصم اور حمزہ کے لیے بفتح الضاد اور باقیوں کے لیے بضم الضاد۔ (اَنْ تَكُوْنَ لَهٗ) بصری کے لیے بالتا اور باقیین کے لیے بالیا کالحفص۔ (مِنَ الْاَسْرٰى) بصری کیلئے اُسَارٰی بروزن فُعَالٰی اور باقیین کے اَسْرٰی بروزن فَعْلٰی کالحفص۔ (مِنْ وَّلَايَتِهِمْ) حمزہ کے لیے بکسر الواؤ اور باقیین کے لیے بفتح الواو کالحفص۔

اور اس سورہ میں یا آت اضافہ صرف دو ہیں، ایک (اِنِّيْٓ اَرٰى) دوسری (اِنِّيْٓ اَخَافُ) حرمیین و بصری کے لیے دونوں بالفتح ہیں اور باقیین کے لیے بالاسکان کالحفص ظاہر ہے۔　　تمت سورۃ الانفال

سُوْرَةُ التَّوْبَةِ

(اَئِمَّةَ الْكُفْرِ) حرمیین و بصری کے لیے ہمزہ ثانیہ کی تسہیل محض۔ اور ہشام کے لیے تحقیق مع الادخال و تحقیق محض کالباقیین۔ (لَآ اَيْمَانَ لَهُمْ) شامی کے لیے بکسر الہمزہ اور باقیین کے لیے بفتح الہمزہ کالحفص

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(اَنْ یَّعْمُرُوْا مَسٰجِدَ اللّٰہِ) مکی بصری کے لئے مَسْجِدَ اللّٰہِ بالتوحید اور باقیین کے لئے بالجمع کا حفص ہے۔ اور ثانی میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (یُبَشِّرُھُمْ) آل عمران میں گذر چکا ہے۔ (عَشِیْرَتُکُمْ) شعبہ کے لئے بالجمع اور باقیوں کے لئے بالتوحید کا حفص۔ (عُزَیْرُ ابْنُ اللّٰہِ) عاصم وکسائی کے لئے بتنوین عُزَیْرٌ ہے اور باقیین کے لئے بغیر تنوین عُزَیْرُ ابْنُ اللّٰہِ ہے۔ (یُضَاھِئُوْنَ) عاصم کے لئے بزیادۃ الہمز بعد الھا مع کسر الھا اور باقیین کے لئے بضم الھا بغیر ہمزہ ہے۔ (اِنَّمَا النَّسِیْٓءُ) ورش کے لئے بتشدید الیا بغیر ہمزہ ہے۔ اور باقیین کے لئے بیا مدّہ وہمزہ مضمومہ کا حفص۔ اور وقف میں حمزہ وہشام ورش کے موافق ہیں۔ (یُضَلُّ بِہِ الَّذِیْنَ) حفص واخوین کے لئے بضم الیا وفتح الضاد اور باقیین کے لئے بفتح الیا وکسر الضاد یَضِلُّ ہے۔ (کَرْھًا) سورۃ نساء میں گذر چکا۔ (اَنْ تُقْبَلَ مِنْھُمْ) اخوین کے لئے بالیا اور باقیین کے لئے بالتا کا حفص۔ (اُذُنٌ قُلْ اُذُنُ) مائدہ میں مذکور ہو چکا ہے۔ (وَرَحْمَۃٌ لِّلَّذِیْنَ) حمزہ کے لئے بکسر التنوین وَرَحْمَۃٍ ہے اور باقیین کے لئے بالرفع مع التنوین کا حفص۔ (اِنْ نَّعْفُ عَنْ) عاصم کے لئے بنون مفتوحہ وضم الفا۔ وَنُعَذِّبْ بالنون مع کسر الذال۔ (طَآئِفَۃً) بالنصب اور باقیین کے لئے اِنْ یُّعْفَ بیائے مضمومہ مع فتح الفاء وَتُعَذَّبْ بالتا المضمومہ مع فتح الذال وطَآئِفَۃٌ بالرفع۔ (دَآئِرَۃُ السَّوْءِ) یہاں اور ثانی فتح میں مکی بصری کے لئے بضم السین اور باقیین کے لئے بفتح السین کا حفص۔ (قُرْبَۃٌ لَّھُمْ) ورش کے لئے بضم الراء اور باقیین کے لئے بالاسکان کا حفص۔ (تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِھَا) مکی کے لئے بزیادۃ مِنْ مع جر تَحْتِھَا اور باقیین کے لئے بغیر مِن مع فتح التا کا حفص۔ (اِنَّ صَلٰوتَکَ) اور ہود میں اَصَلٰوتُکَ تَامُرُکَ حفص واخوین کے لئے دونوں بالتوحید اور اول میں نصب التاء اور باقیین کے لئے دونوں بالجمع اور اول میں کسر التاء ہے۔ اور ثانی کے رفع التا میں کسی کا اختلاف نہیں ہے۔ (مُرْجَوْنَ) اور احزاب میں تُرْجِیْٓ مکی بصری شامی شعبہ کے لئے بہمزہ مضمومہ دونوں میں اور باقیین کے لئے بغیر ہمزہ کا حفص۔ (الَّذِیْنَ اتَّخَذُوْا) نافع شامی کے لئے بغیر واؤ قبل الَّذِیْنَ اور باقیین کے لئے بالواؤ کا حفص۔ (اَفَمَنْ اَسَّسَ بُنْیَانَہٗ۔ وَاَمَّنْ اَسَّسَ بُنْیَانَہٗ) نافع شامی کے لئے بضم الہمزہ وکسر السین الاولیٰ دونوں جگہ ورفع نون بُنْیَانُہٗ دونوں جگہ۔ اور باقیین کیلئے بفتح الہمز والسین ونصب نون بُنْیَانَہٗ کا حفص ہے۔ (شَفَا جُرُفٍ) شامی شعبہ حمزہ کے لئے بسکون الراء اور باقیین

Scanned with CamScanner

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے لئے بضم الراء کا لحفص۔ (ھَارٍ) مکی و ہشام حفص و حمزہ کے لئے بالفتح اور قالون۔ بصری ابن ذکوان شعبہ اور کسائی کے لئے بالامالہ۔ لیکن ابن ذکوان کے لئے بالخلف ہے۔ اور ورش کے لئے تقلیل ظاہر ہے۔ (اِلَّآ اَنْ تقطع) شامی حفص اور حمزہ کے لئے بفتح التاء اور باقیین کے لئے بضم التاء (فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ) آل عمران میں گذر چکا۔ (كَادَ يَزِيغُ قلوب) حفص و حمزہ کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء۔ (اَوَلَا يَرَوْنَ اَنَّهُمْ) حمزہ کے لئے بالتا اور باقیین کے لئے بالیا کا لحفص ہے اور اس سورہ میں یاآت اضافہ صرف دو ہیں (مَعِيَ اَبَدًا) شعبہ حمزہ و کسائی کے لئے بالاسکان۔ (وَّمَعِيَ عَدُوًّا) صرف حفص کے لئے بالفتح۔

تمت سُوْرَۃُ التَّوْبَةِ بفضلہٖ تعالیٰ

سُوْرَۃُ یُوْنُسَ عَلَیْہِ السَّلَامُ

(الٓرٰ و الٓمّٓرٰ) قالون مکی اور حفص کے لئے بالفتح۔ اور بصری شامی شعبہ اور اخوین کے لئے بالامالہ اور ورش کے لئے تقلیل ہوگی۔ (لَسِحْرٌ مُّبِينٌ) مکی اور کوفیین کے لئے بالالف قبل الحا اور باقیین کے لئے بکسر السین بغیر الف ہے۔ (ضِيَآءً) یہاں اور انبیاء و قصص میں قنبل کے لئے ہمزہ مفتوحہ بعد الضاد بغیر یاء ضِئَاءً ہے اور باقیین کے لئے بجائے ہمزہ کے یائے مفتوحہ ہے کا لحفص۔ (يُفَصِّلُ الْاٰيٰتِ) مکی بصری حفص کے لئے بیاء الغیب اور باقیوں کے لئے بنون المتکلم مضمومہ۔ (لَقُضِيَ اِلَيْهِمْ) شامی کے لئے بفتح القاف و الضاد و بنصب لام اَجَلَهُمْ ہے۔ باقیین کے لئے بضم القاف و کسر الضاد مع فتح الیا و رفع لام اَجَلُهُمْ کا لحفص۔ (وَلَآ اَدْرٰىكُمْ) مکی کے لئے بحذف الالف لیکن بزی کے لئے بالخلف ہے۔ باقیین کے لئے بالالف کا لحفص اور بصری شعبہ اور اخوین کے لئے بلا خلف اور ابن ذکوان کے لئے مع الخلف امالہ ہوگا اور ورش کیلئے تقلیل۔ اور باقیین یعنی مکی قالون و ہشام و حفص کے لئے فتح اور یہی وجہ ثانی ہے ابن ذکوان کے لئے بھی (عَمَّا يُشْرِكُوْنَ) یہاں اور دو جگہ شروع نحل میں اور سورہ روم میں اخوین کے لئے بالتا اور باقیین کیلئے بالیاء کا لحفص ہیں۔ (يُسَيِّرُكُمْ فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ) شامی کے لئے بفتح الیا و سکون النون و ضم الشین من النشر

www.KitaboSunnat.com

ہے۔ اور باقین کے لئے بضم الیاء وفتح السین اور یائے مکسورہ مشددہ بعد السین من التسییر کا حفص ہے۔ (متاع
الحیاۃ) حفص کے لئے بنصب العین اور باقین کے لئے بالرفع ہے۔ (قطعًا من اللیل) مکی وکسائی کیلئے
باسکان الطاء۔ اور باقین کے لئے بفتح الطاء کا حفص ہے۔ (ھنالک تبلوا) اخوین کے لئے بتائین من التلاوۃ
ہے۔ اور باقین کے لئے بالتاء والباء من الابلاء کا حفص۔ (امن لا یھدی) ورش مکی شامی کے لئے بفتح الیاء
والہاء مع التشدید یَھَدِّی۔ قالون بصری کے لئے بفتح الیاء واختلاس فتح ہاء اور قالون کے لئے دوسری
وجہ اس میں بسکون الہاء بھی ہے۔ (یَھْدِّی) اور شعبہ کے لئے بکسر الیاء والہاء یِھِدِّی۔ اور حفص کے لئے
بفتح الیاء وکسر الہاء یَھِدِّی ہے۔ اور ان سب قراءتوں میں دال مشدد ہے۔ اور اخوین کے لئے بفتح الیاء وسکون
الہاء وتخفیف الدال یَھْدِی ہے۔ (کلمت ربک) یہاں اور آخر سورہ میں اور سورہ غافر میں نافع اور
شامی کے لئے بالجمع اور باقین کے لئے بالتوحید کا حفص ہے تینوں جگہ۔ (ولٰکن النَّاس) اخوین کے لئے بکسر
النون المخففہ ورفع السین ولٰکِنِ النَّاسُ اور باقین کے لئے بنون مفتوحہ مشددہ ونصب النَّاسَ کا حفص
(ویوم یحشرھم کان لم یلبثوا) انعام میں مذکور ہو چکا ہے۔ (بہ آلئٰن و آلئٰن وقد عصیت)
نافع کے لئے ہمزہ ثانیہ کی حرکت لام کی طرف منقول ہے اور ہمزہ محذوف ہے۔ اور ہمزۂ وصل میں بالاتفاق جمیع
قراء کے لئے دو وجہ ابدال بالالف مع المد الطویل۔ اور تسہیل بین الہمزہ والالف ہے لیکن ابدال اولیٰ
ہے جیسے آلذکرین آللہ وغیرہ۔ (خیر مما یجمعون) شامی کے لئے بالتاء اور باقین کے لئے بالیا
کا حفص۔ (وما یعزب عن ربک) یہاں اور سبا میں کسائی کے لئے بکسر الزاء اور باقین کے لئے بالضم
کا حفص ہے۔ (ولا اصغر من ذٰلک ولا اکبر) حمزہ کے لئے بالضم الراء دونوں میں اور باقین کے لئے
بفتح الراء کا حفص۔ (بکل سحر علیم) اعراف میں گزر چکا ہے۔ (بہ ءآلسحر) بصری کے لئے بہمزۂ استفہام
قبل ہمزۂ وصل مع ابدال بالالف والمد الطویل (آلسحر)[عہ۵] اور باقین کے لئے ہمزۂ وصل فقط بہ (السحر) کا حفص
ہے (لیضلوا) انعام میں ذکر کیا گیا ہے۔ (ولا تتبعان) ابن ذکوان کے لئے تخفیف النون۔ باقین کے
لئے بتشدید النون کا حفص ہے اور تا بالاتفاق مشدد ہے۔ (آمنت انہ) اخوین کے لئے بکسر الہمزہ۔ باقین کیلئے

عہ۵ اور دوسری وجہ اسمیں ان کے لئے تسہیل ہمزۂ ثانیہ وصلیہ ظاہر ہے۔ کما لا یخفی منہ غفرلہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بالفتح کا حفص ہے۔ (وَيَجْعَلُ الرِّجْسَ) شعبہ کے لئے بالنون اور باقین کے لئے بالیا کا حفص۔ (ننجِ المؤمنين)
حفص کسائی کے لئے مخفف اور باقین کے لئے مشدد ہے ۔

اور اس سورہ میں یا آت اضافہ پانچ ہیں:۔ (لِيْ اَنْ اُبَدِّلَهٗ وَاِنِّيْ اَخَافُ) حرمین وبصری کیلئے بالفتح
(نَفْسِيْ اِنْ اَتَّبِعُ وَرَبِّيْ اِنَّهُ الحق) نافع بصری کے لئے بالفتح۔ (اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللهِ) مدنیان
بصری شامی اور حفص کے لئے بالفتح جہاں کہیں یہ لفظ واقع ہو یہی حکم رہیگا ـــــ تَمَّتْ سُوْرَةُ يُوْنُسَ

(تَمَّتْ سُوْرَةُ يُوْنُسَ بِفَضْلِهٖ تعالٰی)

سُوْرَةُ هُوْدٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ

(الۤرٰ - اِلَّا سِحْرٌ) پہلے مذکور ہو چکے ہیں۔ (اِنِّيْ لَكُمْ نَذِيْرٌ) مکی بصری اور کسائی کے لئے بفتح
الہمزہ اور باقین کے لئے بکسر الہمزہ کا حفص۔ (بَادِئَ الرَّاْيِ) بصری کے لئے ہمزۂ مفتوحہ بعد الدال۔ باقین
کے لئے یائے مفتوحہ۔ (فَعُمِّيَتْ عَلَيْكُمْ) حفص واخوین کے لئے بضم العین وتشدید المیم مع الکسر اور باقین
کے لئے بفتح العین وتخفیف المیم مع الکسر ہے۔ (مِنْ كُلٍّ زَوْجَيْنِ اثْنَيْنِ) یہاں اور سورۂ مؤمنون میں
حفص کے لئے بتنوین لام مِنْ كُلٍّ۔ باقین کے لئے بغیر تنوین بالاضافہ ہے۔ (مَجْرٖىهَا) حفص واخوین کے
لئے بفتح المیم اور باقین کے لئے بضم المیم ہے اور راء کے فتح واماله میں اختلاف پہلے بحث اماله میں گذر چکا ہے
(يٰبُنَيَّ ارْكَبْ مَّعَنَا) عاصم کے لئے بفتح الیاء اور باقین کے لئے بکسر الیاء اور ادغام ارْكَبْ مَّعَنَا میں بلاخلف
قنبل بصری عاصم کسائی کے لئے اور مع الخلف قالون بزی خلاد کے لئے ہوگا اور باقین یعنی ورش شامی اور
خلف کے لئے اظہار ہوگا۔ (وَقِيْلَ وَغِيْضَ وَمَا لَكُمْ مِّنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ) پہلے مذکور ہو چکے ہیں۔ (اِنَّهٗ عَمِلَ)
کسائی کے لئے بکسر المیم وفتح اللام۔ وغَيْرَ صَالِحٍ بنصب الراء اور باقین کے لئے بفتح المیم ورفع اللام
مع التنوین ورفع الراء اِنَّهٗ عَمَلٌ غَيْرُ صَالِحٍ کا حفص۔ (فَلَا تَسْئَلْنِّ) نافع شامی کے لئے بفتح اللام وکسر
النون مع التشدید۔ اور مکی کے لئے اسی طرح لیکن بفتح النون مع التشدید اور باقین کے لئے باسکان اللام

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وکسر النون مع التخفیف کا حفص ہے۔ (وَمِنْ خِزْيِ يَوْمِئِذٍ) اور معارج میں مِنْ عَذَابِ يَوْمِئِذٍ ببنیہ۔ نافع وکسائی کے لئے بفتح المیم اور باقین کے لئے بکسر المیم کا حفص ہے۔ (اَلَآ اِنَّ ثَمُوْدَا) حفص وحمزہ کے لئے یہاں اور فرقان وعنکبوت میں بفتح الدال بغیر تنوین اور باقین کے لئے بالتنوین لہذا وقف بالالف ہوگا ان کے لئے۔ (اَلَا بُعْدًا لِّثَمُوْدَ) کسائی کے لئے بکسر الدال مع التنوین اور باقین کے لئے بفتح الدال بغیر تنوین کا حفص۔ (قَالَ سَلٰمٌ) اخوین کے لئے یہاں اور سورۂ ذاریات میں بکسر السین واسکان اللام۔ اور باقین کے لئے بفتح السین واللام والالف کا حفص ہے۔ (يَعْقُوْبَ قَالَتْ يٰوَيْلَتٰى) شامی حفص حمزہ کے لئے بنصب الیا اور باقین کے لئے بالرفع۔ (سِيْٓءَ بِهِمْ وَسِيْٓئَتْ) یہاں اور عنکبوت اور سورۂ ملک میں نافع شامی اور کسائی کے لئے کسرۂ سین میں اشمام ضمہ ہے اور باقین کے لئے بکسرۂ خالصہ کا حفص ہے مطلقًا۔ (فَاَسْرِ وَاَنْ اَسْرِ) حرمیین کے لئے ہمزۂ وصل ہیں دونوں مطلقًا اور باقین کے لئے ہمزۂ قطعی کا حفص۔ (اِلَّا امْرَاَتَكَ) مکی بصری کے لئے برفع التا۔ اور باقین کے لئے بالنصب کا حفص (اَصَلٰوتُكَ) (عَلٰى مَكَانَتِكُمْ) پہلے دونوں کا اختلاف مذکور ہوچکا ہے۔ (وَاَمَّا الَّذِيْنَ سُعِدُوْا) حفص واخوین کے لئے بضم السین اور باقین کے لئے بفتح السین۔ (وَاِنْ كُلًّا) حرمیین وشعبہ کے لئے باسکان النون اور باقین کے لئے بالتشدید مع الفتح کا حفص۔ (لَمَّا لَيُوَفِّيَنَّهُمْ) اور یٰسین میں لَمَّا جَمِيْعٌ اور طارق میں لَمَّا عَلَيْهَا، شامی عاصم اور حمزہ کے لئے بتشدید المیم تینوں جگہ اور باقین کے لئے بالتخفیف (وَاِلَيْهِ يُرْجَعُ الْاَمْرُ) نافع وحفص کے لئے بضم الیا وفتح الجیم اور باقین کے لئے بفتح الیا وکسر الجیم (عَمَّا تَعْمَلُوْنَ) یہاں اور آخر نمل میں، نافع شامی اور حفص کے لئے بالتا اور باقین کے لئے بالیا ہے دونوں جگہ۔

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ اٹھارہ ہیں جو حسب ذیل ہیں:۔

(فَاِنِّيْٓ اَخَافُ۔ وَاِنِّيْٓ اَخَافُ۔ وَاِنِّيْٓ اَعِظُكَ۔ وَاِنِّيْٓ اَعُوْذُبِكَ۔ وَاِنِّيْٓ اَخَافُ۔ وَشِقَاقِيْٓ اَنْ يُّصِيْبَكُمْ) حرمیین وبصری کے لئے یہ یاآت ستہ بالفتح ہیں۔ (عَنِّيْٓ اِنَّهٗ۔ نُصْحِيْٓ اِنْ اَرَدْتُّ۔ اِنِّيْٓ اِذًا لَّمِنَ۔ فِيْ ضَيْفِيْٓ اَلَيْسَ) نافع وبصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (وَلٰكِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ وَاِنِّيْٓ اَرٰىكُمْ) نافع بزی اور بصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (اِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ وَاِنْ اَجْرِيَ اِلَّا عَلَى الَّذِيْ

Scanned with CamScanner
" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

نافع بصری شامی اور حفص کے لئے بالفتح ہیں۔ (فَطَرَنِیْ اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ) نافع وبزی کے لئے بالفتح۔ انی اشہد صرف نافع کے لئے یہ بالفتح ہے۔ (وَمَا تَوْفِیْقِیْ اِلَّا بِاللّٰہِ) نافع بصری شامی کے لئے بالفتح ہے۔ (وَ اَرَھْطِیْ اَعَزُّ) حرمیین بصری ابن ذکوان کے لئے بالفتح ہے اور ہشام کے لئے بھی بالخلف فتح اسیں ہے۔

اور یائے زائدہ تین ہیں۔ (فَلَا تَسْئَلْنِ) ورش بصری کے لئے وصلاً اثبات ہے۔ (وَلَا تُخْزُوْنِ فِیْ ضَیْفِیْ) بصری کے لئے صرف وصل میں اثبات ہے۔ (یَوْمَ یَاْتِ) مکی کے لئے اثبات فی الحالین اور نافع بصری وکسائی کے لئے صرف وصلاً اثبات ہے۔ باقیین کے لئے حذف ہے مطلقاً کالحفص۔

(تمت سورۃ ہود بفضلہ تعالیٰ)

سُوْرَۃُ یُوْسُفَ عَلَیْہِ السَّلَام

(یٰاَبَتِ) شامی کے لئے بفتح التاء مطلقاً۔ اور باقیین کے لئے بالکسر کالحفص۔ (یٰبُنَیَّ) یہاں اور لقمٰن اور والصّٰفّٰت میں حفص کے لئے بفتح الیا۔ اور باقیین کے لئے بکسر الیا۔ (اٰیٰتٌ لِّلسَّآئِلِیْنَ) مکی کے لئے واحد ہے اور باقیین کے لئے جمع کالحفص۔ (غَیٰبٰتِ الْجُبِّ) دونوں جگہ نافع کے لئے بالجمع ہے اور باقیین کے لئے بالتوحید کالحفص ہے۔ (لَا تَاْمَنَّا) اس کلمہ کی اصل لَا تَاْمَنُنَا تھی پہلا نون ثانی میں مدغم ہوا ہے اور اظہار بھی جائز ہے لیکن اظہار کی حالت میں روم ضروری ہے جیسا کہ ادغام کی حالت میں اشمام ضروری اور یہ دونوں شیٔ متفق علیہ ہے اس میں جمیع قراء کے لئے۔ (یَرْتَعْ وَیَلْعَبْ) مکی بصری شامی کے لئے دونوں بالنون اور باقیین کے لئے بالیا ہیں پھر حرمیین کے لئے بکسر عین یَرْتَعِ اور باقیین کے لئے بسکون العین ہے۔ پس نافع کے لئے یَرْتَعِ وَیَلْعَبْ اور مکی کے لئے نَرْتَعِ وَنَلْعَبْ اور بصری وشامی کے لئے نَرْتَعْ وَنَلْعَبْ اور کوفیین کے لئے یَرْتَعْ وَیَلْعَبْ کالحفص ظاہر ہے۔ (الذِّئْبُ) ورش بصری[س] اور کسائی کے لئے ہمزہ کا ابدال بالیا مطلقاً اور حمزہ کے لئے وقفاً ہے۔ اور باقیین کے لئے تحقیق ہمزہ ہے مطلقاً۔ (یٰبُشْرٰی) کوفیین کے لئے بُشْرٰی

[س] یعنی سوسی کیونکہ دوری بر اصل خود بالہمز کالحفص ہیں۔ ۱۲ منہ غفرلہٗ

www.KitaboSunnat.com

بروزن فُعْلیٰ ہے اور باقین کے لئے یٰبُشْرَایَ بیائے اضافہ مفتوحہ۔ اور اخوین کے لئے امالہ۔ بصری کیلئے
اس کلمہ میں وجوہ ثلٰثہ یعنی فتح و امالہ و تقلیل مقرر ہے۔ باقی ورش کے لئے صرف تقلیل ہوگی اور باقین کے
لئے فتح ظاہر ہے۔ (هَيْتَ لَكَ) نافع و ابن ذکوان کے لئے بکسر الہاء و یائے ساکنہ مع فتح التاء هِيْتَ۔ اور
مکی کے لئے بفتح الہاء و یائے ساکنہ مع ضم التاء هَيْتُ۔ اور بصری و کوفیین کے لئے بفتح الہاء و یائے ساکنہ مع فتح
التاء کا لحفص هَيْتَ۔ اور ہشام کے لئے بکسر الہاء و بہمزہ ساکنہ مع فتح التاء هِئْتَ ہے۔ (اَلْمُخْلَصِيْنَ)
نافع و کوفیین کے لئے مطلقًا اس لفظ میں جبکہ یہ معرف باللام ہو فتحۂ لام ہے اور باقین کے لئے بکسر اللام
مطلقًا۔ (حَاشَ لِلّٰهِ) بصری کے لئے دونوں جگہ بالف بعد الشین حَاشَا ہے اور باقین کے لئے بحذف الالف
کالحفص ہے۔ (دَأَبًا) حفص کے لئے بفتح الہمزہ۔ اور باقین کے لئے بسکون الہمزہ۔ (وَفِيْهِ تَعْصِرُوْنَ) اخوین
کے لئے بالتا۔ اور باقین کے لئے بالیا۔ (بِالسُّوْٓءِ اِلَّا مَا رَحِمَ) قالون بزی کے لئے ہمزہ اُولیٰ کا ابدال بالواو
اور ادغام ہے و نیز تسہیل ہمزہ اولیٰ بین بین بھی ان کے لئے مقرر ہے اور ورش و قنبل کے لئے ہمزہ ثانیہ کی
تسہیل و ابدال بالیاء الساکن مع المد ذو وجہ مقرر ہیں اور بصری کے لئے ہمزہ اول کا اسقاط ہے اور باقین
کے لئے تحقیق ہمزتین کالحفص ہے۔ (حَيْثُ نَشَآءُ) مکی کے لئے بالنون المتکلم۔ باقین کے لئے بالیا۔ (وَقَالَ
لِفِتْيٰنِهٖ) حفص و اخوین کے لئے بالالف و النون۔ اور باقین کے لئے بالتا و بغیر الف ہے لِفِتْيَتِهٖ۔ (اَخَانَا
نَكْتَلْ) اخوین کے لئے بالیا۔ باقین کے لئے بالنون کالحفص ہے۔ (خَيْرٌ حٰفِظًا) حفص و اخوین کے لئے
بفتح الحاء و الالف بعد الحاء مع کسر الفا۔ اور باقین کے لئے بکسر الحاء و اسکان الفاء بغیر الف ہے۔ (دَرَجٰتٍ
مَّنْ نَّشَآءُ) انعام میں گذر چکا ہے۔ (فَلَمَّا اسْتَايْـَٔسُوْا وَلَا تَايْـَٔسُوْا مِنْ رَّوْحِ اللّٰهِ۔ انه لا يايس
حَتّٰٓى اِذَا اسْتَايْـَٔسَ الرُّسُلُ) اور رعد میں اَفَلَمْ يَايْـَٔسِ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا بزی کے لئے بالخلف۔ ان
کلمات خمسہ میں الف بعد التاء و بعد الیاء مع یائے مفتوحہ ہے۔ اور باقین[1] کے لئے یائے ساکنہ مع ہمزہ مفتوحہ
کالحفص ظاہر[2] ہے۔ (اِنَّكَ لَاَنْتَ يُوْسُفُ) مکی کے لئے بہمزہ واحدہ مکسورہ۔ اور باقین کے لئے بہمزتین

---

[1] اور ورش کے لئے ان کلمات میں شل شیئ کے توسط طول ہے[2] اور حمزہ کے لئے وقف میں ہمزہ کی حرکت ماقبل کو نقل ہو کر ہمزہ محذوف ہو جائے گا کما لا یخفیٰ۔ منہ غفرلہٗ۔ [3] پس قالون بصری کے لئے تسہیل مع الادخال اور ورش کے لئے تسہیل محض اور ہشام کے لئے تحقیق محض اور تحقیق مع الادخال باقین کے لئے صرف تحقیق کالحفص ہے۔ منہ غفرلہٗ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کا حفص۔ (نُوْحِیْ اِلَیْھِمْ) یہاں اور نحل اور پہلا انبیاء میں حفص کے لئے بالنون مع کسر الحاء اور باقیین کیلئے بالیاء و فتح الحاء مجہول ہے۔ (قد کذبوا) کوفیین کے لئے مخفف اور باقیوں کے لئے مشدد۔ (اَفَلَا تَعْقِلُوْنَ) نافع شامی عاصم کے لئے بالتاء۔ اور باقیوں کے لئے بالیاء۔ (فَنُجِّیَ مَنْ نَّشَاءُ) شامی عاصم کے لئے بنون واحدہ مع تشدید الجیم و فتح الیاء۔ اور باقیین کے لئے بنونین اول مضموم و ثانی ساکن مع تخفیف الجیم و سکون الیاء۔

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ بائیس ہیں:۔ (لَیَحْزُنُنِیْ اَنْ) حرمین کے لئے بالفتح۔ (رَبِّیْ اَحْسَنَ) اَرٰانِیْ اَعْصِرُ، اَرٰانِیْ اَحْمِلُ۔ انی اریٰ سبع بقرٰت، انی انا اخوک، انی اوفی الکیل، انی اعلم حرمین و بصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (انی اراني) دو جگہ۔ (رَبِّیْ انی ترکت، نَفْسِیْ اِنَّ النَّفْسَ، رَبِّیْ اِنَّ ربی یاذن لی ابی، ربی انہ، بی اذ اخرجنی) نافع و بصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (اٰبَائِیْ اِبْرٰھِیْمَ، لَعَلِّیْ اَرْجِعُ) کوفیین کے لئے بالاسکان۔ (انی اوف الکیل، سبیلی ادعوا) نافع کے لئے بالفتح۔ (حزنی الی اللہ) نافع بصری شامی کے لئے بالفتح: (وبینی اخوتی اِن) صرف ورش کے لئے بالفتح ہے۔

اور یائے زائدہ صرف دو ہیں:۔ (حَتّٰی تُؤْتُوْنِ) مکی کے لئے مطلقاً اثبات اور بصری کے لئے صرف وصلاً اثبات اور باقیین کے لئے مطلقاً حذف کا حفص۔ اور (اِنَّہٗ مَنْ یَّتَّقِ) قنبل کے لئے مطلقاً اثبات اور باقیین کے لئے حذف۔

(تمت سورۃ یوسف بفضلہ تعالیٰ)

سُوْرَۃُ الرَّعْدِ

(یُغْشِی الَّیْلَ النَّھَارَ) سورہ اعراف میں مذکور ہو چکا ہے۔ (وَزَرْعٌ وَّنَخِیْلٌ صِنْوَانٌ وَّغَیْرُ) مکی و بصری اور حفص کے لئے چاروں مرفوع ہیں اور باقیین کے لئے مجرور۔ (یُسْقٰی بِمَآءٍ وَّاحِدٍ) شامی اور عاصم کے لئے بالیا۔ اور باقیین کے لئے بالتا۔ (ونفضل بعضھا) اخوین کے لئے بالیاء۔ اور باقیین کے لئے بالنون۔ جب دو استفہام دو کلمہ میں قریب قریب جمع ہوں اور یہ نو سورتوں میں گیارہ مقام پر آئے ہیں ءَ اِذَا کُنَّا تُرٰبًا ءَ اِنَّا لَفِیْ خَلْقٍ جَدِیْدٍ اس سورہ میں، اور ءَ اِذَا کُنَّا عِظَامًا وَّرُفَاتًا ءَ اِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ دو جگہ سبحان میں اور ءَ اِذَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ مومنون میں۔ اور ءَاِذَا كُنَّا تُرَابًا وَّ اٰبَاؤُنَا ءَاِنَّا لَمُخْرَجُوْنَ نمل میں
اور ءَاِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الْفَاحِشَةَ مَا سَبَقَكُمْ بِهَا مِنْ اَحَدٍ مِّنَ الْعٰلَمِيْنَ، اَئِنَّكُمْ لَتَاْتُوْنَ الرِّجَالَ؛
عنکبوت میں۔ اور ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِي الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِيْ خَلْقٍ جَدِيْدٍ سجدہ میں۔ اور ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَ
عِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ دو جگہ صٰفٰت میں۔ اور ءَاِذَا مِتْنَا وَكُنَّا تُرَابًا وَعِظَامًا ءَاِنَّا لَمَبْعُوْثُوْنَ واقعہ میں اور
ءَاِنَّا لَمَرْدُوْدُوْنَ فِي الْحَافِرَةِ ءَاِذَا كُنَّا عِظَامًا نَّخِرَةً نازعات میں، ان سب میں تفصیلی حکم حسب ذیل ہے۔

نافع وکسائی کے لئے اول میں استفہام اور ثانی میں خبر ہے تمام قرآن میں۔ لیکن نمل اور عنکبوت میں نافع کے لئے حکم برعکس ہے یعنی اول میں خبر اور ثانی میں استفہام ہے۔ اور کسائی کے صرف عنکبوت میں یعنی دونوں (اول وثانی) بالاستفہام ہیں ——— اور شامی کے لئے اول میں خبر اور ثانی میں استفہام ہے تمام جگہ۔ لیکن نمل اور نازعات اور واقعہ میں حکم اسکے برعکس ہے یعنی نمل و نازعات میں ان کیلئے اول میں استفہام وثانی میں خبر ہے۔ نیز نمل میں شامی وکسائی کے لئے خبر میں ایک نون زائد ہے یعنی اِنَّنَا لَمُخْرَجُوْنَ ہے۔ اور واقعہ میں اول وثانی دونوں شامی کے لئے بالاستفہام ہیں۔ اور مکی وحفص کے لئے تمام قرآن میں دونوں جگہ بالاستفہام۔ لیکن عنکبوت میں ان کے لئے اول میں خبر اور ثانی میں استفہام ہے۔ اور باقیین یعنی بصری شعبہ حمزہ کے لئے تمام جگہ اول وثانی دونوں میں استفہام ہے۔

اور تسہیل وتحقیق، ادخال وعدم ادخال کے بارے میں قراء اپنے اصول سابقہ پر ہیں یعنی قالون بصری کے لئے تسہیل مع الادخال۔ ورش مکی کے لئے تسہیل محض۔ ہشام کے لئے تحقیق مع الادخال، میاں ہشام کے لئے ادخال بلا خلف ہے، لہذا ان کے لئے تحقیق محض کی وجہ نہیں نکلے گی۔ اور باقیین کے لئے تحقیق ہمزتین کا محض ظاہر ہے فقط واللہ اعلم ہٰذا خُلَاصَةُ مَافِي اجتماع الاستفهامين فى القرآن۔ (هَادٍ وَّ وَاقٍ وَ وَالٍ وَّ مَا عِنْدَ اللّٰهِ بَاقٍ) مکی کے لئے مطلقًا یہ کلمات اربع بکسر التنوین ہیں وصلًا اور وقف میں باثبات الیاء۔ اور باقیین کے لئے وصل میں بالتنوین اور وقف میں بالحذف یعنی بحذف الیاء کالحفص۔ (اَمْ هَلْ يَسْتَوِى) شعبہ واخوین کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء کالحفص۔ (وَمِمَّا يُوْقِدُوْنَ عَلَيْهِ) حفص واخوین کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء (افلم يايئس الذين) بزی کے لئے بالخلف بفتح الیاء بغیر الہمزہ ہے اور باقیین کے لئے بیائے ساکنہ وہمزہ مفتوحہ کالحفص ہے جیسا کہ یوسف میں مذکور ہوا۔ (وَصُدُّوْا عَنِ السَّبِيْلِ) یہاں اور غافر میں کوفیین کے لئے بضم الصاد

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور باقیین کے لئے بالفتح ہے۔ (اکلھا) بقرہ میں گذر چکا ہے۔ (وَیُثَبِّتُ) مکی بصری عاصم کے لئے مخفف اور باقیین کے لئے مشدد ہے۔ (وَسَیَعْلَمُ الْکُفّٰرُ) شامی و کوفیین کے لئے بالجمع اور باقیین کے لئے بالافراد الکافر ہے۔ اور اس سورہ میں صرف اَلْمُتَعَالِ میں یائے زائدہ ہے جسے صرف مکی نے مطلقًا اثبات سے پڑھا ہے باقیوں کے لئے مطلقًا حذف ہے ؎ —————— تَمَّتْ سُوْرَۃُ الرَّعْدِ بِفَضْلِہٖ تعالیٰ

سُوْرَۃُ اِبْرٰھِیْمَ عَلَیْہِ السَّلَام

(الحمید اللّٰہِ) نافع و شامی کے لئے برفع الہا اللہ الذی ہے۔ اور باقیین کے لئے بالجر کا لحفص ہے مطلقًا۔ (رُسُلُھُمْ) اور سُبُلَنَا و سُبُلَھُمْ وبہ الریح وغیرہ، بقرہ میں گذر چکے۔ (خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ) اور نور میں خَلَقَ کُلَّ دَآبَّۃٍ اخوین کے لئے بالالف بعد الخاء وکسر اللام وضم القاف خَالِقُ اور ما بعد مجرور ہے دونوں جگہ یعنی خالق السمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اور خَالِقُ کُلِّ دَآبَّۃٍ ہے۔ اور باقیین کے لئے خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ و خَلَقَ کُلَّ دَآبَّۃٍ کا لحفص ہے۔ (بِمُصْرِخِیَّ اِنِّی) حمزہ کے لئے بکسر الیاء المشددہ اور باقیین کے لئے بالفتح کا لحفص ہے۔ (لیضلو) یہاں، اور حج میں لِیُضِلَّ اور لقمان اور زمر میں بھی مکی اور بصری کے لئے بفتح الیاء۔ اور باقیین کے لئے بضم الیاء کا لحفص ہے۔ (لَا بَیْعٌ فِیْہِ وَلَا خِلٰلٌ) بقرہ میں گذر چکا۔ (اَفْئِدَۃً) ہشام کے لئے بالخلف اس لفظ میں ہمزہ کے بعد یائے ساکنہ ہے اور باقیین کے لئے بغیر یائے کا لحفص ظاہر ہے اور یہی وجہ ثانی ہے ہشام کے لئے بھی۔ (لَتَزُوْلُ مِنْہُ) کسائی کے لئے بفتح لام اولیٰ وضم لام ثانی ہے۔ اور باقیین کے لئے بکسر الاولیٰ ونصب الثانیہ کا لحفص ہے ؎

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ تین ہیں۔ (مَا کَانَ لِیْ عَلَیْکُمْ) صرف حفص کے لئے بالفتح ہے۔ (قُلْ لِّعِبَادِیَ الَّذِیْنَ) شامی و اخوین کے لئے بالاسکان، اور (اِنِّیْۤ اَسْکَنْتُ) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح ہے ؎ اور یاآت زائدہ بھی تین ہیں۔ (وَخَافَ وَعِیْدِ) ورش کے لئے صرف وصلًا اثبات ہے۔ (بِمَآ اَشْرَکْتُمُوْنِ) بصری کے لئے صرف وصلًا اثبات ہے۔ (وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ) بزی کے لئے مطلقًا اور ورش بصری حمزہ کے لئے صرف وصلًا اثبات ہے۔ باقیین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے لئے مطلقاً حذف ہے کا لحفص ——— تمت سورۃ ابراھیم لنفا

سُوْرَةُ الْحِجْرِ مَكِّيَّةٌ

(رُبَمَا) نافع و عاصم کے لئے مخفف اور باقیین کے لئے مشدد ہے۔ (مَا نُنَزِّلُ) حفص و اخوین کے لئے بنونین اول مضموم و ثانی مفتوح مع کسر الزاء ہے اور اَلْمَلٰٓئِكَةَ بالنصب ہے ان کے لئے۔ اور شعبہ کے لئے بتائے مضمومہ و فتح النون والزاء مع رفع الملٰئکۃ مَا تُنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ۔ اور باقیین کے لئے بفتح التاء مع رفع الملئکۃ مَا تَنَزَّلُ الْمَلٰٓئِكَةُ ہے۔ اور (سُكِرَتْ) مکی کے لئے بتخفیف الکاف۔ اور باقیین کے لئے بتشدید الکاف کالحفص ہے (الریح لواقح) بقرہ میں اور (جزءٌ و المخلصین) یوسف میں اور فاسئی ہود میں مذکور ہو چکے ہیں (وعیون) والعیون نافع بصری ہشام اور حفص کے لئے مطلقاً بضم العین اور باقیین کے لئے بکسر العین ہر جگہ ہے (فَبِمَ تُبَشِّرُوْنَ) نافع کے لئے بنون مکسورہ مخففہ اور مکی کے لئے بنون مکسورہ مشددہ اور باقیین کے لئے بنون مفتوحہ مخففہ کالحفص ہے۔ (وَمَنْ يَّقْنَطُ مِنْ رَّحْمَةِ رَبِّهٖٓ) اور روم میں يَقْنَطُوْنَ اور زمر میں لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ بصری وکسائی کے لئے بنون مکسورہ تینوں جگہ اور باقیین کے لئے بنون مفتوحہ کالحفص ہے۔ (لَمُنَجُّوْهُمْ اَجْمَعِيْنَ) اخوین کے لئے بتخفیف الجیم مع سکون النون۔ اسی طرح لننجینه واهله اور اِنَّا مُنَجُّوْكَ وَاَهْلَكَ عنکبوت میں بھی مخفف ہے، لیکن مکی و شعبہ کے لئے بھی اِنَّا مُنَجُّوْكَ میں تخفیف ہے۔ اور باقیین کے لئے بفتح النون و تشدید الجیم کالحفص ہے۔ (قَدَّرْنَا) یہاں اور نمل میں شعبہ کے لئے بتخفیف الدال۔ اور باقیین کے لئے بتشدید الدال کالحفص ہر دو جگہ۔ اس سورہ میں یاآت اضافہ چار ہیں:۔ (نَبِّئْ عِبَادِيْٓ۔ اِنِّيْٓ اَنَا۔ وَاِنِّيْٓ اَنَا النَّذِيْرُ) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح ہیں۔ اور (بَنَاتِيْٓ اِنْ كُنْتُمْ) صرف نافع کے لئے بالفتح ہے۔ باقیین کے لئے بالاسکان کالحفص ہے۔

تمت بالخیر
بفضلہ
تعالیٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ النَّحْل

(عَمَّا تُشْرِكُوْنَ) یونس میں گذر چکا (یُنْبِتُ لَكُمْ) شعبہ کے لئے بنون التکلم اور باقیین کے لئے بیاء الغیب کا لحفص ہے۔ (الشمس والقمر والنجوم مُسَخَّرٰتٌ) شامی کے لئے بالرفع ہیں یہ کلمات اربع۔ اور حفص کے لئے النجوم و مسخرات میں رفع ہے اور الشمس والقمر میں نصب۔ اور باقیین کے لئے چاروں میں نصب ہے لیکن مسخرات کا نصب بالکسر ہوگا۔ (وَالذین یدعون) عاصم کے لئے بالیاء۔ اور باقیین کے لئے بالتاء (این شرکاءی الذین) جمیع قراء کے لئے شرکاءی بالہمزہ ہے اور بزی کے لئے ایک یہی وجہ مقرو ہے اور بغیر الہمزہ والی وجہ متروک ہے۔ (کمافی النشر) (تشاقون فیھم) نافع کے لئے بکسر النون اور باقیین کے لئے بفتح النون لحفص کا لحفص ہے۔ (الذین یتوفٰھم الملٰئکۃ) دو جگہ حمزہ کے لئے بالیاء یتوفّٰھم ہے اور باقیین کے لئے بالتاء کا (الّا ان یاتیھم الملٰئکۃ) انعام میں مذکور ہو چکا ہے۔ (لا یھدی من) کوفیین کے لئے بفتح الیاء وکسر الدال معروف ہے۔ اور باقیین کے لئے بضم الیاء وفتح الدال مجہول ہے۔ اور یُضِلُّ میں کوئی اختلاف نہیں ہے اس لئے کہ یہ یُضِلُّ بالاتفاق مضموم ہے۔ (فیکون) یہاں اور یٰسٓ میں، شامی وکسائی کے لئے بنصب النون اور باقیین کے لئے بالرفع ہے جیسا کہ بقرہ میں گذر چکا۔ (نوحی الیھم) یوسف میں گذرا۔ (اَوَلَمْ یَرَوْا الٰی مَا) اخوین کے لئے بالتاء اور باقیین کے لئے بالیاء کا لحفص۔ (یتفیئو ظلٰلہ) بصری کے لئے بالتاء اور باقیوں کے لئے بالیاء کا لحفص۔ (مُفرطون) نافع کے لئے بکسر الراء اور باقیین کے لئے بفتح الراء کا لحفص۔ (نسقیکم) یہاں اور مومنون میں، نافع شامی شعبہ کے لئے بفتح النون اور باقیین کے لئے بضم النون کا لحفص۔ (یعرشون) اعراف میں گذر چکا ہے۔ (یجحدون) شعبہ کے لئے بالتاء۔ اور باقیین کے لئے بالیاء ہے۔ (من بطون امھاتکم) نساء میں مذکور ہے۔ (الم یروا الی الطیر) شامی وحمزہ کے لئے بالتاء اور باقیین کے لئے بالیاء کا لحفص۔ (یوم ظعنکم) شامی و کوفیین کے لئے بسکون العین اور باقیین کے لئے بفتح العین۔ (ولنجزین الذین) مکی عاصم ذکوان کے لئے بلاخلف اور ابن ذکوان کے لئے مع الخلف بنون المتکلم ہے۔ اور باقیین کے لئے بالیاء اور یہی طریق ثانی ہے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ابن ذکوان کے لئے بھی۔ (القدس) بقرہ میں گذرا۔ (یلحدون) اخوین کے لئے بفتح الیاء والحاء اور باقین کے لئے بضم الیاء وکسر الحاء کا لحفص ہے۔ (مِنْ بَعْدِ مَا فُتِنُوْا) شامی کے لئے بفتح الفاء والتاء اور باقین کے لئے بضم الفاء وکسر التاء کا لحفص۔ (فی ضیق) یہاں اور نمل میں مکی کے لئے بکسر الضاد اور باقین کے لئے بفتح الضاد کا لحفص ہے۔ اور اس سورۃ[عــه] میں نہ یائے اضافہ ہے اور نہ یائے زائدہ۔ فقط

تَمَّتْ سُوْرَۃُ النَّحْلِ بِفَضْلِہٖ تَعَالٰی

سُوْرَۃُ بَنِیْٓ اِسْرَآئِیْلَ مَکِّیَّۃٌ

(اَلَّا یَتَّخِذُوْا مِنْ دُوْنِیْ) بصری کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء کا لحفص ہے۔ (لِیَسُوْٓءٗا وُجُوْھَکُمْ) شامی شعبہ حمزہ کے لئے بالیاء وفتح ہمزہ صیغہ واحد۔ اور کسائی کے لئے بالنون وفتح ہمزہ جمع متکلم۔ اور باقین کے لئے بالیاء وہمزہ مضمومہ مع واو ساکنہ بالجمع ہے۔ (وَیُبَشِّرُ الْمُؤْمِنِیْنَ) آل عمران میں گذر چکا۔ (یَلْقٰہُ مَنْشُوْرًا) شامی کے لئے بضم الیاء وفتح اللام مع تشدید القاف۔ اور باقین کے لئے بفتح الیاء وسکون اللام مع تخفیف القاف بالفتح کا لحفص ہے۔ (اِمَّا یَبْلُغَنَّ عِنْدَکَ) اخوین کے لئے بالالف بعد الغین وکسر النون مع التشدید۔ اور باقین کے لئے بغیر الف وفتح النون مع التشدید کا لحفص ہے۔ (اُفٍّ) یہاں اور انبیاء واحقاف میں نافع وحفص کے لئے بکسر الفاء مع التنوین۔ اور مکی وشامی کے لئے بفتح الفاء بغیر تنوین اور باقین کے لئے بکسر الفاء بغیر تنوین ہے ہر جگہ۔ (کَانَ خِطْاً) مکی کے لئے بکسر الخاء وفتح الطاء مع المد۔ اور ابن ذکوان کے لئے بفتح الخاء والطاء بغیر المد خَطَاً۔ اور باقین کے لئے بکسر الخاء واسکان الطاء بغیر المد کا لحفص ہے۔ (فَلَا یُسْرِفْ) اخوین کے لئے بالتاء اور باقین کے لئے بالیاء کا لحفص۔ (بالقسطاس) یہاں اور شعراء میں حفص واخوین کے لئے بکسر القاف۔ اور باقین کے لئے بضم القاف ہے۔ (کَانَ سَیِّئُہٗ) شامی وکوفیین کے لئے بضم الہمزہ والہاء اور باقین کے لئے بفتح الہمزہ والتاء مع التنوین علی التانیث۔ (لِیَذَّکَّرُوْا) اخوین

[عــه] جِئْتَ اللّٰہِ بَاقٍ میں مکی کے لئے وقفاً صرف اثبات ہے کما فی الغیث والاتحاف۔ منہ غفرلہٗ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کیلئے یہاں اور فرقان میں بسکون الذال وضم الکاف مخفف۔ اور باقین کے لئے بفتح الذال والکاف مع التشدید کا حفص (کَمَا یَقُوْلُوْنَ) مکی وحفص کے لئے بالیاء۔ اور باقین کے لئے بالتاء ہے۔ (عَمَّا تَقُوْلُوْنَ) اخوین کے لئے بالتاء اور باقین کے لئے بالیاء کا حفص ہے۔ (یُسَبِّحُ لَهُ) حرمیین شامی شعبہ کے لئے بالیاء۔ اور باقین کے لئے بالتاء کا حفص۔ (ءَ اِذَا) (ءَ اِنَّا) رعد میں مذکور ہوچکا۔ (وَ رُءُوْسًا) نساء میں گذر چکا۔ (وَ رَجِلِكَ) حفص کے لئے بکسر الجیم۔ اور باقین کے لئے بسکون الجیم ہے۔ (اَنْ یَّخْسِفَ اَوْ یُرْسِلَ اَنْ یُّعِیْدَكُمْ فَیُرْسِلَ فَیُغْرِقَكُمْ) مکی و بصری کے لئے ان کلمات خمسہ میں نون متکلم ہے اور باقین کے لئے بالیاء کا حفص ہیں ۔ ۔ (اَعْمٰی) دو جگہ شعبہ و اخوین کے لئے بالامالہ اور بصری کے لئے صرف پہلے میں امالہ اور ثانی میں فتح۔ اور ورش کیلئے التقلیل دونوں میں اور باقین کے لئے بالفتح کا حفص۔ (خِلٰفَكَ اِلَّا) شامی وحفص اور اخوین کے لئے بکسر الخاء ولام مفتوحہ مع الالف اور باقین کے لئے بفتح الخاء وسکون اللام بغیر الف ہے۔ (وَ نَاٰ بِجَانِبِهٖ) دو جگہ ایک یہاں اور دوسرا فصلت میں، ابن ذکوان کے لئے وَنَاءَ بتاخیر الہمزہ بعد الالف۔ اور باقیوں کے لئے وَنَاٰ بجانبہ بتقدیم الہمزہ قبل الالف کا حفص۔ اور کسائی وخلف کے لئے نون وہمزہ دونوں کی حرکت میں امالہ ہے اور خلاد کیلئے صرف ہمزہ میں اور شعبہ کے لئے ہمزہ میں صرف یہاں امالہ ہے اور فصلت میں فتح محض ہے اور ورش کے لئے تقلیل مع التثلیث ہوگی۔ پس وجوہ اربع یعنی قصر مع الفتح، توسط مع التقلیل، طول مع الفتح، طول مع التقلیل ان کے لئے مقرر ہونگی۔ اور قصر مع التقلیل و توسط مع الفتح متروک ہیں۔ اور باقین کے لئے بالفتح کا حفص ہے (حَتّٰی تَفْجُرَ لَنَا) کوفیین کے لئے بفتح التاء وضم الجیم مخفف۔ اور باقین کے لئے بضم التاء وکسر الجیم مشدد ہے اور ثانی میں اختلاف نہیں ہے۔ (كِسَفًا) نافع شامی عاصم کے لئے بفتح السین اور باقین کے لئے بجزم السین۔ (قٰلَ سُبْحَانَ رَبِّیْ) مکی اور شامی کے لئے بالالف قَالَ ماضی ہے اور باقیوں کے لئے قُلْ صیغہ امر ہے بغیر الف کا حفص۔ (لَقَدْ عَلِمْتَ) کسائی کے لئے بضم التاء اور باقین کے لئے بفتح التاء کا حفص ہے۔ اور اس سورہ میں یائے اضافہ صرف ایک ہے رَبِّیْٓ اِذًا ہے جو نافع بصری کیلئے بالفتح ہے۔ اور یائے زائدہ دو ہیں۔ (لَئِنْ اَخَّرْتَنِ اِلٰی) مکی کے لئے مطلقاً اور نافع بصری کیلئے صرف وصلاً اثبات ہے۔ (فَهُوَ الْمُهْتَدِ) نافع بصری کیلئے صرف وصل میں اثبات ہے۔ اور باقین کیلئے دونوں میں مطلقاً حذف کا حفص ہے ۔

تمت سورۃ بنی اسرائیل بفضلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الْکَہْفِ

(عِوَجًا) اور یٰسٓ میں مِنْ مَّرْقَدِنَا اور قیٰمۃ میں قِیْلَ مَنْ اور مطففین میں کَلَّا بَلْ، حفص کے لئے وصلاً سکتہ واجب ہے۔ اور باقیین کے لئے بغیر سکتہ، پس اول میں اخفا اور ثالث ورابع میں ادغام ہوگا۔ (لَّدُنْهُ) شعبہ کے لئے باسکان الدال مع الاشمام وکسر النون والہاء مع صلۃ الہاء۔ اور باقیین کے لئے بضم الدال وسکون النون وضم الہاء اور مکی کے لئے بنابر اصل صلہ ہوگا۔ (وَیُبَشِّرَ الْمُؤْمِنِیْنَ) آل عمران میں ذکر ہوا۔ (مَرْفِقًا) نافع وشامی کے لئے بفتح المیم وکسر الفاء۔ اور باقیین کے لئے بکسر المیم وفتح الفاء ہے۔ (تَزٰوَرُ عَنْ کَہْفِہِمْ) شامی کے لئے بسکون الزاء وتشدید الراء۔ اور کوفیین کے لئے بفتح الزاء والالف مع تخفیف الراء اور باقیین کے لئے بتشدید الزاء والالف بعد الزاء یعنی تَزّٰوَرُ ہے۔ (وَلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ) حرمیین کے لئے بتشدید اللام مشدد ہے اور باقیین کے لئے بتخفیف اللام کا حفص ہے۔ (رُعْبًا) آل عمران میں گذر چکا۔ (بِوَرِقِکُمْ) بصری شعبہ حمزہ کے لئے بسکون الراء اور باقیین کے لئے بکسر الراء کا حفص۔ (وَلَا تُشْرِکْ) شامی کے لئے بتا مع جزم الکاف اور باقیین کے لئے بالیاء مع الرفع کا حفص۔ (بِالْغُدٰوۃِ) انعام میں گذرا۔ (ثَلٰثَ مِائَۃٍ سِنِیْنَ) اخوین کے لئے بلا تنوین اور باقیین کے لئے بالتنوین کا حفص ہے۔ (وَکَانَ لَهٗ ثَمَرٌ۔ وَاُحِیْطَ بِثَمَرِہٖ) عاصم کے لئے بفتح الثاء والمیم اور بصری کے لئے بضم الثاء وسکون المیم۔ اور باقیین کے لئے بضم الثاء والمیم۔ (خَیْرًا مِّنْهُمَا) حرمیین اور شامی کے لئے مِنْهُمَا بالمیم ضمیر تثنیہ۔ اور باقیین کے لئے مِنْهَا بغیر المیم ضمیر واحد مؤنث ہے کا حفص (لٰکِنَّا هُوَ اللّٰہُ) شامی کے لئے وصلاً بالالف اور باقیین کے لئے وصلاً بالحذف ووقفاً بالاثبات ہے۔ (وَلَمْ تَکُنْ لَّهٗ فِئَۃٌ) اخوین کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتا کا حفص ہے۔ (هُنَالِکَ الْوَلَایَۃُ) اخوین کے لئے بکسر الواؤ اور باقیین کے لئے بفتح الواؤ کا حفص۔ (لِلّٰہِ الْحَقِّ) بصری وکسائی کے لئے برفع الحق۔ اور باقیین کے لئے بجر الحق کا حفص۔ (خَیْرٌ عُقْبًا) عاصم حمزہ کے لئے بسکون القاف۔ اور باقیین کے لئے بضم القاف (تذروہ الریح) بقرہ میں مذکور ہے۔ (وَیَوْمَ نُسَیِّرُ الْجِبَالَ) نافع وکوفیین کے لئے بنون المتکلم وکسر الیاء

www.KitaboSunnat.com

ونصب الجبال۔ اور باقیین کے لیے بالتا وفتح الیا ورفع الجبالُ ہے۔ (ویوم نقولُ) حمزہ کے لیے بالنون اور باقیین کے لیے بالیا (قُبُلًا) کوفیین کے لیے بضمتین اور باقیین کے لیے بکسر القاف وفتح الباء۔ (لمهلکهم) اور نمل میں مہلک، شعبہ کے لیے بفتح المیم واللام اور حفص کے لیے بفتح المیم وکسر اللام اور باقیین کے لیے بضم المیم وفتح اللام (وما أنسانيه إلا الشيطن) (وفى الفتح عليهُ الله) حفص کے لیے بضم الهاء بغیر صلہ۔ اور باقیین کے لیے بکسر الہا دونوں جگہ ہے بغیر صلہ (مما علمت رُشدًا) بصری کے لیے بفتح الراء والشين اور باقیین کے لیے بضم الراء وسکون الشین کا لحفص۔ (فلا تسئلنی) نافع وشامی کے لیے بفتح اللام وتشدید النون اور باقیین کے لیے باسکان اللام وتخفیف النون۔ (لیغرق) اخوین کے لیے بیائے مفتوحہ وفتح الراء مع رفع لام اهلها اور باقیین کے لیے بتائے مضمومہ وکسر الراء مع نصب لام أَهْلَهَا کالحفص ہے۔ (نفسا زكية) شامی و کوفیین کے لیے بتشدید الیاء بغیر الف اور باقیین کے لیے بالالف مع تخفیف الیاء۔ (نكرًا) یہاں دو جگہ اور طلاق میں، نافع وابن ذکوان کے لیے نیز شعبہ کے لیے بضم الکاف اور باقیین کے لیے بالاسکان۔ (من لدنی) نافع کے لیے بضم الدال وتخفیف النون اور شعبہ کے لیے باسکان الدال مع الاشمام وتخفیف النون اور باقیین کے لیے بضم الدال وتشدید النون کالحفص ہے۔ (لتخذت علیه) مکی و بصری کے لیے بتخفیف التاء وکسر الخاء۔ اور باقیین کے لیے بتشدید التاء وفتح الخاء کالحفص ہے۔ (أن یبدلهما) یہاں، اور تحریم میں أن یبدله، اور قلم میں أن یبدلنا نافع وبصری کے لیے ہر سہ کلمہ مذکورہ مشدد ہے اور باقیین کے لیے مخفف کالحفص ہے۔ (رحما) شامی کے لیے بضم الحاء اور باقیین کے لیے بالاسکان کالحفص۔ (فاتبع) ثم اتبع ثم اتبع شامی وکوفیین کے لیے تینوں جگہ ہمزہ قطعی ہے مع تخفیف التاء اور باقیین کے لیے بہمزۂ وصل مع تشدید التاء۔ (فی عین حمئة) شامی شعبہ اور اخوین کے لیے بالالف بعد الحاء بغیر ہمزہ حامِیَۃ ہے۔ اور باقیین کے لیے بغیر الف مع ہمزہ مفتوحہ کالحفص حَمِئَۃ ہے۔ (فله جزاءً الحسنیٰ) حفص واخوین کے لیے بنصب التنوین اور باقیین کے لیے بالرفع بغیر تنوین ہے۔ (بین السدین) مکی بصری اور حفص کے لیے بفتح السین اور باقیین کے لیے بضم السین۔ (یفقهون)

۱؎ اور ابن کثیر مکی اپنی اصل کے مطابق اسمیں صلہ کریں گے فقط منہ غفرلہ۔ ۲؎ اور شعبہ کیلئے اسمیں اختلاس ضمہ بھی وجہ مقرد ہے اگرچہ یہ زیادۃ علی الشاطبی ہے لیکن مقرد اور معمول بہ ہے خلاصہ یہ کہ اس لفظ میں شعبہ کے لیے دو وجہ ہیں یعنی اسکان مع الاشمام اور اختلاس ضمہ مع تخفیف النون ہے کما فی الغیث فقط منہ غفرلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

قولًا) اخوین کے لئے بضم الیاء وکسر القاف اور باقیین کے لئے بفتحتین کالحفص۔ (انّ یاجوج وماجوج) یہاں اور انبیا میں عاصم کے لئے بالہمزہ ہے اور باقیین کے لئے بالالف (لک خرجًا) یہاں اور مؤمنین میں اخوین کے لئے بالالف بعد الراء اور باقیین کے لئے بغیر الف کالحفص (وبینھم سدًّا) نافع شامی اور شعبہ کے لئے بضم السین اور باقیین کے لئے بالفتح (ما مکنّی) مکی کے لئے بنونین خفیفتین اولیٰ مفتوحہ وثانی مکسورہ مکّنّنی ہے اور باقیین کے لئے بنون واحدہ مکسورہ مشددہ کالحفص۔ (ردمًا ائتونی) شعبہ کے لئے بکسر التنوین مع ہمزہ وصل ائتونی اور باقیین کے لئے بنصب التنوین مع ہمزہ قطعی بالمد آتونی کالحفص ہے۔ اور ورش اپنی اصل کے مطابق نقل مع التثلیث کریں گے (بین الصدفین) مکی بصری اور شامی کے لئے بضمتین اور باقیین کے لئے بفتحتین لیکن شعبہ کے لئے بضم الصاد وسکون الدال ہے (قال ائتونی) حمزہ وشعبہ کے لئے بہمزۂ وصل لیکن شعبہ کے لئے بالخلف ہے اور باقیین کے لئے بہمزۂ قطعی کالحفص ہے۔ (فما اسطاعوا) حمزہ کے لئے بتشدید الطاء مع سکون السین۔ اور باقیین کے لئے بتخفیف الطاء کالحفص ہے (جعلہ دکّاء) کوفیین کے لئے بالمد والہمز بغیر التنوین۔ اور باقیین کے لئے بحذف ہمزہ مع التنوین ہے۔ (قبل ان ینفد) اخوین کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء کالحفص ہے ٭

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ کل نو ہیں:۔ (ربی اعلم۔ بربی احدًا۔ ربی ان یؤتینی۔ بربی احدًا) حرمیین وبصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (معی صبرا) تین جگہ صرف حفص کے لئے بالفتح ہیں۔ ستجدنی ان شاء اللہ) نافع کے لئے بالفتح ہے۔ (من دونی اولیاء) نافع بصری کے لئے بالفتح ہے۔ اور باقیین کے لئے بالاسکان۔ اور یاآت زوائد سات ہیں:۔ (المھتد) نافع وبصری کے لئے وصلًا اثبات (ان یھدین ربی۔ ان یؤتین۔ علی ان تعلمن) مکی کے لئے مطلقًا اور نافع وبصری کے لئے صرف وصلًا اثبات ہے (ان ترن انا اقل) مکی کے لئے مطلقًا اور قالون وبصری کے لئے صرف وصلًا اثبات ہے۔ (ماکنا نبغ) مکی کے لئے مطلقًا اور نافع بصری وکسائی کے لئے صرف وصلًا اثبات۔ (فلا تسئلنی) صرف ابن ذکوان کے لئے بالخلف حذف ہے دونوں حالتوں میں اور باقیین کے لئے اثبات فی الحالین ظاہر ہے ÷

تمّت سورۃ الکہف بفضلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ مَرْیَمَ عَلَیْھَا السَّلَامُ

(کٓھٰیٰعٓصٓ) بصری کے لئے بامالۃ الہاء فقط۔ شامی حمزہ کے لئے بامالۃ الیاء فقط۔ شعبہ وکسائی کے لئے بامالۃ الہاء والیاء۔ ورش کے لئے بتقلیل الہاء والیاء۔ اور باقین یعنی قالون مکی اور حفص کے لئے بفتح الہاء والیاء ہے اور اظہار صاد کے دال کا عند الذال حرمیین وعاصم کے لئے ہے اور باقین کیلئے ادغام ہے۔ (زکریاء اذ نادیٰ ربہ زکریاء انا) وغیرہ حفص واخوین کے لئے بحذف الہمز۔ باقین کے لئے باثبات الہمز ہے۔ پھر شعبہ وشامی کے تحقیق الہمزتین اور بقیہ کے لئے موافق ان کے اصول کے ہمزتین من کلمتین کے ہمزہ ثانیہ کی تسہیل ہوگی (یرثنی ویرث) بصری وکسائی کے لئے بجزم الثاء اور باقین کے لئے بضم الثاء کاحفص۔ (انا نبشرک ونبشرکا) آل عمران میں گذر چکا ہے۔ (عِتِیًّا وصِلِیًّا وجِثِیًّا) حفص واخوین کے لئے یہ کلمات ثلثہ بکسر الاول ہیں اور بکیا اخوین کے لئے بکسر الباء ہے۔ باقین کے لئے یہ سب کلمات بضم الاول ہیں۔ (وقد خلقتک) اخوین کے لئے بالنون والالف صیغہ جمع متکلم اور باقین کیلئے بتائے مضموم صیغہ واحد متکلم ہے کاحفص وغیرہ (لیہب لک) ورش بصری کے لئے بلاخلف اور قالون کے لئے یہ لفظ یہاں بالیاء المفتوحہ ہے۔ اور باقین کے لئے بہمزہ مفتوحہ واحد متکلم مضارع ہے کاحفص وغیرہ (وکُنْتُ نَسْیًا) حفص وحمزہ کے لئے بفتح النون اور باقین کے لئے بکسر النون۔ (مَنْ تحتہا اَلَّا) مکی بصری شامی شعبہ کے لئے بفتح المیم والتاء اور باقیوں کے لئے بکسر المیم والتاء کاحفص۔ (تُسٰقِطْ علیکِ) حمزہ کے لئے بفتح التاء والقاف وتخفیف السین۔ حفص کے لئے بضم التاء وکسر القاف مع تخفیف السین اور باقین کیلئے بفتح التاء والقاف مع تشدید السین۔ (قول الحق) شامی عاصم کے لئے بنصب لام قولَ اور باقین کیلئے برفع اللام ہے۔ (وان اللہ ربی) شامی اور کوفین کے لئے بکسر الہمزہ اور باقین کے لئے بفتح الہمزہ ہے۔ (کُنْ فیکون) بقرہ میں اور (یٰابت) یوسف میں مذکور ہو چکے۔ (مخلَصًا) کوفین کے لئے بفتح اللام اور باقین کے لئے بکسر اللام ہے۔ (یدخلون الجنۃ) نساء میں مذکور ہوا۔ (ءَاِذَا

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(مَامِتُّ) صرف ابن ذکوان کے لئے بالخلف بہمزہ واحدہ مکسورہ ہے۔ اور باقیین کے لئے بلا خلف ضمہ میم ہے اور یہی وجہ ثانی ہے ابن ذکوان کے لئے بھی۔ پس شامی اور کوفیین کے لئے بتحقیق الہمزتین اور حرمیین وبصری کیلئے بتحقیق الاولیٰ وتسہیل ثانیہ مقرر ہوگی اور قالون بصری اور ہشام کے لئے ادخال اور ان کے ماسوا کے لئے ترک ادخال ہوگا۔ لہٰذا اس کلمہ میں حسب ذیل وجوہ ہونگی :-

قالون بصری کے لئے تسہیل مع الادخال۔ ورش مکی کے لئے تسہیل محض، ہشام کے لئے صرف تحقیق مع الادخال باقیین کے لئے تحقیق ہمزتین کالحفص (اولا یذکر الانسان) نافع شامی عاصم کے لئے بسکون الذال وضم الکاف مخفف اور باقیین کے لئے بفتح الذال والکاف مع التشدید (یذّکّر) ہے (ثم ننجی الذین اتقوا) کسائی کے لئے مخفف ننجی ہے اور باقیین کے لئے مشدد ننجّی الذین ہے کالحفص (خیر مقاما) مکی کے لئے بضم المیم اور باقیین کے لئے بفتح المیم کالحفص ہے۔ (اثاثا ورءیا) قالون وابن ذکوان کے لئے بتشدید الیاء بغیر ہمزہ ہے۔ اور باقیین کے لئے بہمزہ ساکنہ مع تخفیف الیاء کالحفص۔ (مالا وولدا) و (قالوا اتخذ الرحمن ولدا۔ ان دعوا للرحمن ولدا۔ ان یتخذ ولدا) اور زخرف میں ان کان للرحمن ولد، اخوین کے لئے کلمات خمسہ میں ضمہ واؤ وسکون اللام ہے۔ اور باقیین کے لئے بفتح الواو واللام کالحفص ہے۔ ویکاد (السموات) یہاں اور شوریٰ میں نافع وکسائی کیلئے بالتاء اور باقیوں کے لئے بالیاء کالحفص ہے۔ (یتفطرن) یہاں اور شوریٰ میں حرمیین وحفص اور کسائی کے لئے بفتح الیاء والتاء وتشدید الطاء مع الفتح ہے۔ اور باقیین کے لئے بفتح الیاء وسکون النون مع کسر الطاء مخفف ہے :

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ چھ ہیں :-

(مِنْ وَّرَآئِیْ وَّکَانَتْ) مکی کے لئے بالفتح ہے۔ (اجعل لی آیۃ۔ ربی آیۃ) نافع وبصری کے لئے بالفتح ہیں دونوں۔ اور (انی اعوذ وانی اخاف) حرمیین وبصری کے لئے دونوں بالفتح ہیں۔ (آتٰنِیَ الکتٰب) صرف حمزہ کے لئے بالاسکان ہے :

ملہ ا ع ش کے لئے بکسر المیم اور بقیہ کے لئے بضم المیم ہے کما فی الغیث والاتحاف ۱۲ عبدالحی۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

سُوۡرَةُ طٰهٰ عَلَیۡهِ السَّلَامُ

(طٰهٰ) شعبہ و اخوین کے لئے بالامالہ طاو ہا۔ ورش کے لئے تقلیل بلکہ امالہ ہا متروہ ہے۔ بصری کے لئے بھی صرف ہا میں امالہ و تقلیل لیکن امالہ ہی متروہ ہے۔ اور باقیین کے لئے دونوں میں فتح خالص کا حفص ہے۔ (لاھلہ امکثوا) حمزہ کے لئے یہاں اور قصص میں وصلاً بضم الہاء اور باقیین کے لئے بکسر الہاء کا حفص ہے۔ (انّی انا ربك) مکی بصری کے لئے بفتح الہمزہ۔ اور باقیین کے لئے بکسر الہمزہ کا حفص ہے۔ (طُوًی) یہاں اور نازعات میں شامی اور کوفیین کے لئے بالتنوین۔ اور باقیین کے لئے بغیر التنوین ہے ہر جگہ۔ (وَ اَنَا) حمزہ کے لئے نون مشدد ہے اور (اِخْتَرْنٰكَ) بالنون والالف جمع متکلم ہے۔ اور باقیین کے لئے (اَنَا) میں نون مخفف ہے اور (اِخْتَرْتُكَ) میں تاء مضمومہ ہےؔ۔ اور باقیین کے لئے اول میں ہمزہ وصل مضمومہ اور ثانی میں ہمزہ مفتوحہ قطعیہ کا حفص ہے۔ (مَهْدًا) یہاں اور زخرف میں کوفیین کے لئے بفتح المیم وسکون الہاء کا حفص۔ اور باقیین کیلئے بکسر المیم و فتح الہاء والالف بعد الہاء ہے۔ اور جو سورہ نبا میں ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (مَكَانًا سُوًى) شامی عاصم حمزہ کے لئے بضم السین۔ اور باقیین کے لئے بکسر السین۔ اور وقفاً اس لفظ میں و نیز سورہ قیامہ کے اس جیسے سُدًی میں شعبہ و اخوین کے لئے امالہ ہوگا۔ اور ورش بصری کے لئے تقلیل ہوگی اور باقیین کے لئے فتح خالص کا حفص ہے۔ (فَيُسْحِتَكُمْ) حفص و اخوین کے لئے بضم الیاء و کسر الحاء اور باقیین کیلئے بفتح الیاء والحاء۔ (قَالُوٓا اِنْ) مکی و حفص کے لئے بسکون النون اور باقیین کے لئے بتشدید النون۔ (هٰذٰنِ) بصری کے لئے بالیاء الساکنہ اور باقیین کے لئے بالالف ہے۔ اور مکی کے لئے بتشدید النون اور باقیین کیلئے تخفیف النون کا حفص ہے (فَاَجْمِعُوا) بصری کے لئے بہمزۂ وصل و فتح المیم۔ اور باقیین کے لئے بہمزۂ قطعی مفتوحہ مع کسر المیم کا حفص ہے۔ (تُخَیَّلُ) ابن ذکوان کے لئے بالتاء اور باقیین کے لئے بالیاء کا حفص ہے۔ (تَلْقَفْ مَا) ابن ذکوان کے لئے بضم الفاء اور باقیین کے لئے بجزم الفاء کا حفص ہے اور بزی کے لئے تاء مشدد ہے اور حفص کے

ؔ اُشْدُدْ ابن عامر شامی کیلئے ہمزہ قطعیہ مفتوحہ — و شین ساکنہ و دال اول مضمومہ اور دال ثانیہ ساکنہ ہے۔
واللہ اعلم

ؔ اور صیغہ واحد متکلم مثل قرات حفص ہے۔ (اَخِی اُشْدُدْ) شامی کیلئے ہمزہ مفتوحہ قطعیہ اور (اُشْرِكْهُ) میں ہمزہ مضمومہ ہے

www.KitaboSunnat.com

لئے سکون لام مع تخفیف قاف پہلے گذر چکا ہے۔ (کید سٰحِرٍ) اخوین کے لئے بکسر السین وسکون الحاء بغیر الف ہے اور باقیین کے لئے بفتح السین والالف مع کسر الحاء کا حفص ہے۔ (قال آمنتم له) قنبل وحفص کے لئے ہمزہ واحدہ بنا بر خبر کے اور باقیین کے لئے ہمزتین بنا بر استفہام کے ہے اور یہ اعراف میں گذر چکا ہے (ومن یأته مومنا) سوسی کے لئے باسکان الہاء۔ اور قالون وہشام کے لئے کسرہ بغیر صلہ و مع الصلہ دونوں وجہیں مقرر ہیں اور باقیین کے لئے کسرہ مع الصلہ کا حفص ہے۔ (لا تخف دركا) حمزہ کے لئے بغیر الف مع سکون الفاء لا تخفْ ہے اور باقیین کے لئے بالالف وضم الفاء کا حفص ظاہر ہے۔ (قد انجیتکم۔ وؤ عدتکم۔ ما رزقتکم) اخوین کے لئے بضم التاء ہیں تینوں کلمے یعنی صیغہ واحد متکلم اور باقیین کے لئے بنون مفتوحہ والالف بعد النون جمع متکلم ہے کا حفص وغیرہ۔ (فیحل علیکم) کسائی کے لئے بضم الحاء ونیز (ومن یحلل) کسائی کے لئے بضم لام اولی ہے اور باقیین کے لئے یہ دونوں بکسر الحاء واللام ہیں۔ اور تیسرا لفظ یعنی ان یحل علیکم میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (بملکنا) نافع عاصم کے لئے بفتح المیم اور اخوین کے لئے بضم المیم اور باقیین کے لئے بکسر المیم ہے۔ (حملنا) حرمیین شامی اور حفص کے لئے بضم الحاء وکسر المیم مع التشدید ہے اور باقیین کے لئے بفتح الحاء والمیم مع التخفیف ہے۔ (یا بنؤمّ) اعراف میں گذر چکا۔ (بما لم تبصروا) اخوین کے لئے بالتاء اور باقیین کیلئے بالیا کا حفص ہے۔ (لن تخلفه) مکی بصری کے لئے بکسر اللام اور باقیین کے لئے بفتح اللام کا حفص ہے۔ اور (یوم ننفخ) بصری کے لئے بنون مفتوحہ مع ضم الفاء اور باقیین کے لئے بیائے مضمومہ مع فتح الفاء کا حفص ہے۔ (فلا یخف) مکی کے لئے بغیر الف مع سکون الفاء اور باقیین کے لئے بالالف مع ضم الفاء کا حفص ہے۔ (وانك لا تظمؤا فیہا) نافع اور شعبہ کے لئے بکسر الہمزہ اور باقیین کے لئے بالفتح کا حفص ہے۔ (لعلك ترضی) شعبہ وکسائی کے لئے بضم التاء اور باقیین کے لئے بفتح التاء ہے۔ (اولم تاتہم) نافع بصری اور حفص کے لئے بالتاء اور باقیین کیلئے بالیاء ہے۔

(فائدہ ضروریہ) یہ سورہ ان گیارہ سورتوں میں سے ہے جن میں بصری کے لئے بھی فواصل الآیات میں تقلیل و امالہ کثرت سے ہے یعنی ذوات الیاء میں صرف تقلیل اور ذوات الراء میں امالہ ہوگا۔ اور

علہ لیس غیر مذکورین کیلئے بفتح لام وتشدید قاف مع جزم الفاء تلقف ہے جیسا کہ اعراف میں مذکور ہے۔ ز۔ سہ تنبیہ ہشام کے لئے اگرچہ ترک صلہ کی وجہ لکھی ہے لیکن تحقیق یہ ہے کہ ان کے لئے صرف صلہ ہی ہوگا کما فی الجزء الاول من الاصول فقط منہ غفرلہ۔ حہ اور بصری کے لئے ان کی اصل کے مطابق بحذف الالف بعد الواو ہے۔ ووعدنٰکم منہ غفرلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ورش کے لئے بھی صرف تقلیل ہی ان سورتوں میں مقرر ہے اور اخوین کے لئے مطلقاً امالہ ہوگا۔ اور باقیین کیلئے فتح خالص کا لحضص ظاہر ہے۔ پس ورش و بصری دونوں ذوات الیاء میں اپنے اصول سے ہٹے ہوئے ہیں لیکن کیفیت امالہ میں اپنے اصول پر بحال قائم ہیں کما فی الغیث فقط واللہ اعلم بالصواب ؀

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ تیرہ ہیں۔ (انی آنست۔ انی انا ربک۔ انی انا اللہ) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (لعلی آتیکم) کوفیین کے لئے بالاسکان ہے۔ (لذکری ان الساعة۔ ویسرلی امری۔ علی عینی اذ تمشی۔ ولا برا سی انی خشیت) نافع و بصری کے لئے بفتح ہیں۔ (ولی فیھا مآرب) ورش وحفص کے لئے بالفتح ہیں۔ (اخی اشدد) مکی بصری کے لئے بالفتح ہے۔ (لنفسی اذھب۔ وفی ذکری اذھبا) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح ہیں۔ (لم حشرتنی اعمی) حرمیین کے لئے بالفتح ہے۔ اور باقیین کے لئے بالاسکان جملہ یاآت مذکورہ ہیں۔

اور یائے زائدہ اس سورہ میں صرف ایک ہے اور وہ اَلَّا تَتَّبِعَنِ اَفَعَصَیْتَ ہے جو مکی کے لئے سفاً تناً ثابت رہیگی اور نافع و بصری کے لئے صرف وصل ہیں۔ اور باقیین کے لئے مطلقاً حذف کا لحضص ہے ؀

تمت سُوْرَۃ طٰہٰ بفضلہ تعالے

سُوْرَۃُ الْاَنْبِیَاءِ عَلَیْهِمُ السَّلَام

(قٰلَ رَبِّی یعلم) حفص واخوین کے لئے بالالف قَالَ رَبِّی ہے اور باقیوں کے لئے بغیر الف بصیغۂ امر قُلْ ہے۔ (نوحی الیھم) پہلا یوسف میں گزرا یعنی حفص کے لئے بنون مضمومہ مع کسر الحاء معروف اور باقیین کے لئے بیائے مضمومہ مع فتح الحاء مجہول ہے۔ (نوحی الیہ) یعنی ثانی حفص واخوین کے لئے بالنون مع کسر الحاء اور باقیین کے لئے بالیاء مع فتح الحاء فعل مجہول ہے۔ (الم یر الذین کفروا) مکی کے لئے بحذف الواو اَلَمْ یَرَ الَّذِیْنَ ہے اور باقیین کے لئے ہمزہ کے بعد واؤ ہے اَوَلَمْ کا لحضص ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(وَلَا تُسمِع) شامی کے لئے بتائے مضمومہ مع میم مکسورہ اور الصّمّ بالنصب ہے اور باقیین کے لئے بیائے مفتوحہ مع فتح میم اور الصّمُّ بالرفع کا لحفص ہے۔ (مِثقَالُ حبَّۃٍ) یہاں اور لقمان میں نافع کے لئے بضم اللام اور باقیین کے لئے بفتح اللام کا لحفص ہے۔ (وَضِیَاءً) یونس میں مذکور ہو چکا۔ (جِذٰاذًا) کسائی کیلئے بکسر الجیم اور باقیین کے لئے بضم الجیم کالحفص۔ (اُفٍ لکم) سبحٰن میں گذر چکا۔ (ائمّۃً) توبہ میں مذکور ہے (لتحصنکم) شامی وحفص کے لئے بالتاء۔ اور شعبہ کے لئے بالنون اور باقیین کے لئے بالیاء (نجی المومنین) شامی وشعبہ کے لئے بنون واحدہ مع تشدید الجیم اور باقیین کے لئے دو نون سے پہلا مضموم دوسرا ساکن مع تخفیف الجیم کالحفص ہے۔ (وَحِرۡمٌ علیٰ) شعبہ واخوین کے لئے بکسر الحاء وسکون الراء بغیر الف ہے۔ اور باقیین کے لئے بفتح الحاء والراء مع الالف کالحفص ہے۔ (اذا فتحت) انعام میں گذر چکا۔ (یاجوج وماجوج) کہف میں گذرا ہے۔ (للکتب) حفص واخوین کے لئے جمع اور باقیین کے لئے واحد ہے (فی الزبور) آخر نساء میں گذر چکا۔ (قٰلَ رب احکم) حفص کے لئے بالالف قٰال ہے اور باقیین کے لئے بغیر الف مع ضم قاف صیغۂ امر قُل ہے۔

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ چار ہیں:۔ (ذکر من مَعِیَ) حفص کے لئے بالفتح۔ (انی الٰہ) نافع بصری کے لئے بالفتح۔ (انی مسنی الضر۔ عِبَادِیَ الصّٰلِحُوۡنَ) حمزہ کے لئے بالاسکان اور باقیین کے لئے یہ دونوں بالفتح ہیں جیسا کہ باقیین کے لئے اولین بالاسکان ہیں۔ تمّت سُورَۃ الانبیاء بفضلہٖ

سُوۡرَۃُ الحج

(سُکٰرٰی وَمَا ھُمۡ بِسُکٰرٰی) اخوین کے لئے یہ دونوں بروزن فَعْلیٰ ہیں اور باقیین کے لئے بروزن فُعَالیٰ سُکَارٰی ہیں کالحفص وغیرہ۔ (لیضل) ابراہیم میں گذرا۔ (ثم لیقطع) ورش بصری اور شامی کے لئے بکسر اللام۔ اور (ثم لیقضوا) ورش بصری قنبل اور شامی کے لئے بکسر اللام۔ اور (ولیوفوا ولیطوفوا) ابن ذکوان کے لئے بکسر اللام ہے اور باقیین کے لئے ان چاروں کلمات میں لام ساکن ہے کالحفص

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وغیرہ۔ (هٰذٰنِّ) نساء میں گذر چکا یعنی مکی کے لئے بتشدید النون اور باقیوں کے لئے بالتخفیف کا مخفص ہے۔
(لُؤْلُؤًا) یہاں اور فاطر میں نافع اور عاصم کے لئے منصوب ہے یہ کلمہ۔ اور باقیین کے لئے مجرور لُؤْلُؤٍ ہے۔
اور سوسی و شعبہ کے لئے ہمزہ اول کا ابدال بالواؤ ہے مطلقاً اور باقیین کے لئے بالتحقیق کا مخفص لیکن وقف میں
حمزہ کے لئے دونوں ہمزہ کا ابدال اور ہشام کے لئے صرف ثانیہ کی تبدیل تخفیفاً ہے۔ (للناس سَوَاءً) حفص
کے لئے بنصب التنوین اور باقیین کے لئے برفع التنوین ہے۔ (وَلْيُوفُوا) شعبہ کے لئے بفتح الواؤ مع تشدید الفاء
وَلْيُوَفُّوا ہے اور باقیین کے لئے بسکون الواؤ مع تخفیف الفاء کا مخفص ہے۔ (فتخطفه) نافع کے لئے بفتح الخاء
مع تشدید الطاء اور باقیین کے لئے بسکون الخاء مع تخفیف الطاء کا مخفص ہے۔ (مَنْسِكًا) دو جگہ اخوین کے لئے
بکسر السین اور باقیین کے لئے بفتح السین ہے۔ (ان اللہ یدفع) مکی بصری کے لئے بسکون الدال مع فتح
الیاء والفاء بغیر الف ہے۔ اور باقیین کے لئے بضم الیاء وفتح الدال مع کسر الفاء والالف کا مخفص ہے۔ (أُذِنَ
لِلَّذِينَ) نافع بصری اور عاصم کے لئے بضم ہمزہ مجہول ہے۔ اور باقیین کے لئے بہمزہ مفتوحہ معروف ہے۔ يُقٰتَلُونَ
نافع شامی اور حفص کے لئے بتائے مفتوحہ اور باقیین کے لئے بتائے مکسورہ ہے۔ (وَلَوْلَا دِفَاعُ اللہ) بقرہ میں
گذر چکا ہے۔ (لهدمت صوامع) حرمیین کے لئے بدال مخففہ اور باقیین کے لئے بدال مشددہ کا مخفص ہے
اور ادغام تا کا صاد میں اس جگہ بصری ابن ذکوان واخوین کے لئے ہوگا اور بقیہ کا اظہار کا مخفص ظاہر ہے۔
(اَهْلَكْنٰهَا) بصری کے لئے بتائے مضمومہ اور باقیین کے لئے بنون مفتوحہ والالف کا مخفص ہے۔ (مما يعدون)
مکی واخوین کے لئے بالیا اور باقیین کے لئے بالتاء۔ (معجزين) یہاں اور سبا میں دو جگہ مکی اور بصری کیلئے
بتشدید الجیم بغیر الف اور باقیین کے لئے بالالف مع تخفیف الجیم کا مخفص ہے۔ (ثم قتلوا) آل عمران میں اور
(مدخلًا) نساء میں مذکور ہو چکا ہے۔ (وان ما تدعون) یہاں اور لقمان میں پہلا حرمیین شامی
اور شعبہ کے لئے بالتاء اور باقیین کے لئے بالیاء کا مخفص ہے ؛

اور اس سورہ میں یائے اضافہ صرف ایک ہے اور وہ بیتی للطائفین ہے نافع حفص اور ہشام
کے لئے بالفتح اور باقیوں کے لئے بالاسکان ہے۔ اور یائے زائدہ دو ہیں۔ (والبادِ) مکی کیلئے مطلقاً اور ورش
بصری کیلئے صرف وصلاً اثبات ہے۔ (وکان نکیر) ورش کے لئے صرف وصلاً اثبات ہے۔ اور باقیین کے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

تمت سورۃ الحج بفضلہ تعالیٰ

لئے مطابقاً حذف کا لحفص ظاہر ہے ؏

سورۃ المؤمنون

(لِاَمٰنٰتِهِمْ) یہاں اور معارج میں مکی کے لئے بغیر الف مفرد ہے۔ اور باقیوں کے لئے بالالف بعد النون کا لحفص جمع ہے۔ (عَلٰی صَلَوٰتِهِمْ) اخوین کے لئے مفرد اور باقیوں کے لئے جمع کا لحفص ہے۔ (عِظٰمًا فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ) شامی و شعبہ کے لئے بفتح العین وسکون الظاء اور باقین کے لئے بکسر العین و فتح الظاء مع الالف کا لحفص ہے۔ (سَيْنَآءَ) شامی اور کوفین کے لئے بفتح السین اور باقین کے لئے بکسر السین ہے۔ (تُنْبِتُ بِالدُّهْنِ) مکی بصری کے لئے بتائے مضمومہ وبائے مکسورہ اور باقین کے لئے بتائے مفتوحہ وبائے مضمومہ کا لحفص ہے۔ (نسقیکم) نحل میں اور من الٰہ غیرہ اعراف میں اور ومن کل زوجین ہود میں مذکور ہو چکے ہیں۔ (منزلًا) شعبہ کے لئے بفتح المیم وکسر الزاء اور باقین کے لئے بضم المیم مع فتح الزاء ہے۔ (هیهات هیهات) ان دونوں میں وصلاً کوئی اختلاف نہیں ہے ہاں وقف میں کسائی اور بزی کے لئے وقف بالہا ہوگا اور باقین کے لئے بالتاء کالرسم والحفص۔ (تترًا) مکی بصری کے لئے بالتنوین اور باقین کے لئے بغیر التنوین اور درباب امالہ وہ لوگ اپنی اپنی اصل پر ہیں یعنی ورش کے لئے صرف تقلیل اور اخوین کے لئے صرف امالہ اور بصری کے لئے دو وجہین[1] اور بقیہ کے لئے صرف فتح خالص ہے۔ (الٰی ربوۃٍ) بقرہ میں گذر چکا۔ (وان هٰذہٖ) کوفین کے لئے بکسر ہمزہ اور باقین کے لئے بفتح الہمزہ ہے اور شامی کے لئے باسکان النون مخفف اور باقیوں کے لئے بتشدید النون کا لحفص ہے۔ (تهجرون) نافع کے لئے بتائے مضمومہ وجیم مکسورہ۔ اور باقین کے لئے بتائے مفتوحہ وجیم مضمومہ کا لحفص ہے۔ (ام تسئلهم خرجًا) کہف میں ذکر کیا گیا ہے۔ (فَخَرَاجُ رَبِّكَ) شامی کے لئے بسکون الراء و بغیر الف ہے اور باقین کے لئے بفتح الراء مع الالف کا لحفص ہے (سَيَقُوْلُوْنَ اللّٰهُ) یعنی اخیرین بصری کے لئے بالالف مع رفع الہاء اور باقین کے لئے بغیر الف مع کسر لام

[1] یعنی فتح و امالہ لیکن فتح اقویٰ ہے منہ غفرلہ۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وجہ یاء کا حفص ہے اور کلمہ اولیٰ میں کوئی اختلاف نہیں ہے (عالم الغیب) مکی بصری شامی اور حفص کیلئے بکسر المیم اور باقین کے لئے بضم المیم ہے۔ (شِقْوَتُنَا) اخوین کے لئے بالالف مع فتح الشین والقاف اور باقین کے لئے بکسر الشین وسکون القاف بغیر الف کا حفص ہے۔ (سِخْرِیًّا) یہاں اور ص میں نافع واخوین کے لئے بضم سین اور باقین کے لئے بکسر سین کا حفص ہے اور زخرف میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (انھم ھم الفائزون) اخوین کے لئے بکسر ہمزہ اور باقین کے لئے بفتح ہمزہ کا حفص ہے۔ (قٰل کم لبثتم) مکی واخوین کے لئے بضم القاف بغیر الف قُل ہے اور باقین کیلئے بفتح القاف مع الالف کا حفص قَالَ ہے (قٰل ان لبثتم) اخوین کیلئے بضم القاف بغیر الف مع سکون اللام ہے اور باقین کے لئے بفتح القاف والالف کا حفص ہے (لا ترجعون) اخوین کے لئے بتائے مفتوحہ مع کسر الجیم اور باقیوں کے لئے بتائے مضمومہ وجیم مفتوحہ کا حفص ہے۔ اور اس سورہ میں یائے اضافہ صرف ایک (لعلی اعمل صالحًا) ہے کوفیین کے لئے بالاسکان اور باقین کیلئے بالفتح ہے۔ تمت

سُورَۃُ النُّور

(وفرضنٰھا) مکی بصری کے لئے بتشدید الراء اور باقین کے لئے بتخفیف الراء کا حفص ہے۔

(برھانہ رأفۃ) یہاں مکی کے لئے ہمزہ مفتوحہ اور باقین کے لئے ہمزہ ساکنہ کا حفص ہے اور جو سورہ حدید میں ہے اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے۔ (وَالمحصنٰت) سورہ نساء میں مذکور ہے۔ (اربع شھٰدٰتٍ) حفص واخوین کیلئے اول بضم العین ہے اور باقین کے لئے بفتح العین۔ اور ثانی میں کوئی اختلاف نہیں ہے (ان لعنۃُ اللّٰہِ وان غضب اللّٰہ) نافع کے لئے دونوں میں بتخفیف النون وضم التاء و کسر الضاد غَضِبَ مع ضم ہاء واللہ۔ اور باقین کے لئے بتشدید النون وفتح التاء والضاد و کسر الہاء کا حفص (والخامسۃَ ان غضبَ اللّٰہ) حفص کے لئے بفتح التاء۔ اور باقین کے لئے بضم التاء والخامسۃُ ہے۔ اور اول میں اختلاف نہیں ہے۔ (خطوات) بقرہ میں گذر چکا۔ (یوم یشھدُ) اخوین کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء کا حفص ہے۔ (علی جیوبھن) نافع بصری وہشام اور عاصم کے لئے بضم الجیم اور باقین

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

کے لئے بکسر الہمز ہے۔ (غَیْرِ اُولِی الْاِرْبَةِ) شامی اور شعبہ کے لئے بفتح الراء اور باقیین کے لئے بکسر الراء کا حفص
ہے۔ (اَیُّہَ الْمُوْمِنُوْنَ) اور زخرف میں یاَیُّہَ السَّاحِرُ اور رحمٰن میں اَیُّہَ الثَّقَلٰنِ شامی کے لئے بضم الہاء وصلاً
تینوں میں اور باقیین کے لئے بفتح الہاء کا حفص ہیں۔ اور وقف میں بصری و کسائی کے لئے وقف بالالف اور
باقیوں کے لئے وقف بالہاء ہوگا۔ (اِکْرَاہِھِنَّ) ابن ذکوان کے لئے باخلاف امالہ اور باقیین کے لئے فتح خالص
کا حفص ہے۔ (اٰیٰتٍ مُّبَیِّنٰتٍ) دو جگہ یہاں اور سورہ طلاق میں شامی حفص اور اخوین کے لئے بکسر الیاء
اور باقیین کے لئے بفتح الیاء ہے۔ (دِرِّیْءٌ) بصری و کسائی کے لئے بکسر الدال ویائے ساکنہ مخففہ مع الہمزہ
اور شعبہ حمزہ کے لئے بضم الدال ویائے ساکنہ مخففہ مع الہمزہ۔ اور باقیین کے لئے بضم الدال مع تشدید الیاء بغیر ہمزہ
کا حفص ہے۔ (تَوَقَّدَ) مکی بصری کے لئے بتائے مفتوحہ مع فتح الواؤ والدال و تشدید القاف اور شعبہ و اخوین
کے لئے بتائے مضمومہ و سکون الواؤ مع ضم الدال مخففہ ہے۔ اور باقیین کے لئے بھی اسی طرح ہے لیکن بیائے مضمومہ
ہے کا حفص۔ (یُسَبِّحُ لَہٗ) شامی و شعبہ کے لئے بفتح الباء اور باقیین کے لئے بکسر الباء کا حفص ہے۔ (سَحَابٌ)
بزی کے لئے بغیر تنوین اور باقیین کے لئے بالتنوین کا حفص ہے۔ (ظُلُمٰتٍ) مکی کے لئے بکسر التنوین اور باقیین
کے لئے بضم التنوین کا حفص۔ (خَلَقَ کُلَّ دَآبَّةٍ) ابراہیم میں گذر چکا۔ (وَیَتَّقْہِ) بصری شعبہ کے لئے بلا خلف
اور خلاد کے لئے بالخلف بسکون الہاء مع کسر القاف ہے اور خلاد کے لئے دوسری وجہ بصلۃ الہاء ویتقہٖ ہے
اور قالون و حفص کے لئے اختلاس کسرہ ہاء فقط لیکن حفص کے لئے مع سکون القاف ہے۔ باقی تمام کے لئے
بکسر القاف ہے۔ اور ہشام کے لئے اختلاس وصلہ دو وجہ ہے یعنی ویتقہِ اور ویتقہٖ ہے یعنی ویتقہٖ ہے۔ اور باقیین یعنی
ورش مکی ابن ذکوان خلف و کسائی کے لئے صلہ ہاء فقط ویتقہٖ ہے اور یہی طریق ثانی ہے ہشام و خلاد کے
لئے بھی جیسا کہ اوپر مذکور ہوا۔ (کَمَا اسْتَخْلَفَ) شعبہ کے لئے بتائے مضمومہ ولام مکسورہ۔ اور باقیین کے
لئے بتائے مفتوحہ ولام مفتوحہ کا حفص ہے۔ (وَلَیُبَدِّلَنَّھُمْ) مکی اور شعبہ کے لئے بسکون الباء و تخفیف
الدال۔ اور باقیین کے لئے بفتح الباء و تشدید الدال کا حفص ہے۔ (لَا یَحْسَبَنَّ الَّذِیْنَ) شامی و حمزہ
کے لئے بالیاء اور باقیوں کے لئے بالتاء کا حفص (ثَلٰثُ عَوْرٰتٍ) شعبہ و اخوین کے لئے بنصب
ثلاث ہے اور باقیین کے لئے بالرفع کا حفص ہے۔ (بُیُوْتِ) بقرہ میں (اُمَّہٰتُکُمْ) نساء میں گذر چکے

Scanned with CamScanner

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اس سورہ میں یائے اضافہ و یائے زائدہ نہیں ہے ۔ تمت ۔

سورۃ الفرقان

(ناکل منہا) اخوین کے لئے بالنون اور باقین کے لئے بالیاء۔ (ویجعل لک قصورًا) مکی شامی اور شعبہ کے لئے بالضم لام ویجعلُ ہے اور باقین کے لئے بسکون لام کا لحفص ہے۔ (ضیقا) انعام میں گذر چکا (ویوم یحشرھم) مکی و حفص کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالنون۔ (فنقول ءانتم) شامی کے لئے بالنون اور باقین کے لئے بالیاء کا لحفص ہے۔ (فما تستطیعون) حفص کے لئے بتاء الخطاب اور باقیوں کے لئے بیاء الغیب۔ (ویوم تشقق السمآء) یہاں اور سورہ قاف میں بصری اور کوفیین کے لئے بتخفیف الشین اور باقین کے لئے بتشدید الشین۔ (ونزل) مکی کے لئے دو نون ہے اول مضموم دوسرا ساکن مع تخفیف الزاء و رفع اللام والملٰئکۃَ بالنصب ہے اور باقین کے لئے بنون واحدہ وتشدید الزاء مع فتح اللام ورفع الملٰئکۃُ کا لحفص ہے۔ (ثمودا) ہود میں (الریح) بقرہ میں (بشرا) اعراف میں (لیذکروا) اسراء میں گذر چکے ہیں۔ (لما یأمرنا) اخوین کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء کالحفص ظاہر ہے۔ (فیہا سُرُجًا) اخوین کے لئے بضمتین اور باقین کے لئے بکسر السین وفتح الراء مع الالف کالحفص ہے۔ (ان یذکر) حمزہ کے لئے بسکون الذال وضم کاف مع التخفیف اور باقین کے لئے بفتحتین و شددتین کا لحفص ہے۔ (ولم یقتروا) نافع شامی کے لئے بالضم یاء وکسر تاء۔ اور مکی بصری کے لئے بیائے مفتوحہ وتائے مکسورہ۔ اور باقین کے لئے بیائے مفتوحہ وتائے مضمومہ کالحفص ہے۔ عہ (یضٰعف لہ ویخلد فیہ) شامی و شعبہ کے لئے بالضم الفاء والدال اور باقین کے لئے بجزم الفاء والدال کالحفص ہے اور مکی و شامی کے لئے بحذف الف مع تشدید عین یُضَعَّفُ ہے۔ (فیہ مہانًا) مکی و حفص کے لئے بصلۃ الہاء اور باقین کے لئے کسرہ بغیر صلۃ ظاہر ہے۔ (ذریتنا) حرمین شامی و حفص کے لئے بالالف بنا بر جمع کے اور باقین کے لئے بغیر الف واحد ہے۔ (ویلقون فیہا) شعبہ و اخوین کے

عہ ا ح ع ش یُضٰعَفُ و یُضٰعِفُ۔ ک یُضَعِّفُ۔ م یُضٰعَفُ۔ منہ غفرلہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

لیے بالفتح الیاء مع سکون اللام مخفف ہے اور باقیین کے لیے بضم الیاء و فتح اللام مع تشدید القاف ہے۔ اور اس سورہ میں یائے اضافہ صرف دو ہیں (یالیتنی اتخذت) بصری کے لیے بالفتح۔ (ان قومی اتخذوا) نافع بصری اور بزی کے لیے بالفتح ہے اور باقیین کے لیے بالاسکان ہیں دونوں کا حفص وغیرہ

تمت سورۃ الفرقان بفضلہ

سُوْرَةُ الشُّعَرَآءِ

(طٰسٓمٓ) یہاں اور اول قصص میں وطٰسٓ اول نمل میں شعبہ و اخوین کے لئے بامالہ ہاء فقط اور باقیین کے لیے بالفتح اور صرف حمزہ کے لیے اظہار ہے یہاں اور قصص میں اور باقیین کے لیے ادغام کا حفص ہے اور نمل میں اخفاء ہوگا جمیع کے لیے۔ (ارجئہ) (دقال نعیم) (وتلقف) (ء امنتم) اعراف میں اور (ان اسئر) ہود میں اور (عیونٍ) حجر میں مذکور ہو چکے ہیں (حٰذِرُوْنَ) کوفیین و ابن ذکوان کے لیے بالالف بعد الحاء اور باقیین کے لیے بغیر الف (فلما تراء الجمعٰن) حمزہ کے لیے وصلاً صرف الف اول میں امالہ ہے اور وقفاً دونوں الف میں۔ اور کسائی کے لئے صرف الف اخیر میں وقفاً امالہ ہوگا اور ورش کے لیے فتح و تقلیل ہے لہٰذا ان کے لیے وجوہ اربعہ قصر مع الفتح۔ توسط مع التقلیل۔ اور طول مع الفتح و التقلیل ہونگی۔ اور باقیین کے لیے فتح خالص کا حفص ظاہر ہے۔ (الا خلق الاولین) مکی بصری اور کسائی کے لیے بفتح الخاء و سکون اللام۔ اور باقیین کے لیے بضم خاء و لام و قاف خُلُقُ کا حفص ہے (فٰرهین) کوفیین و شامی کے لیے بالالف اور باقیین کے لیے بلا الف ہے (اصحٰب لیکة) حرمیین و شامی کے لیے یہاں اور صاد میں بلام مفتوحہ بغیر ہمزہ والف مع فتح التاء غیر منصرف ہے۔ اور باقیین کے لیے معرف باللام مع الہمزہ و کسر التاء کا حفص ہے اور جو حجر و قاف میں ہے وہ بالاتفاق معرف باللام مع الہمزہ و کسر التاء کا حفص ہے۔ صرف انہیں دونوں سورتوں میں یہ لفظ مختلف فیہ ہے (بالقسطاس) اسراء میں گذرا۔ (کِسَفًا) حفص کے لیے یہاں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور سبا میں بفتح السین اور باقیین کے لئے بسکون السین۔ (نزل به) شامی شعبہ اور اخوین کیلئے بتشدید الزاء و الروح الامین بالنصب ہے۔ اور باقیین کے لئے بتخفیف الزاء و الرُّوْحُ الْاَمِیْنُ بالرفع کا حفص ہے (اولم تکن لهم) شامی کے لئے بالتاء و آیَةٌ بالرفع۔ اور باقیین کے لئے بالیاء و آیَةً بالنصب کا حفص ہے۔ (فتوکل) نافع شامی کے لئے بالفاء اور باقیین کے لئے بالواؤ کا حفص ہے۔ (یتبعهم الغاؤن) اعراف میں مذکور ہو چکا ہے۔

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ تیرہ[1] ہیں (انی اخاف۔ انی اخاف۔ ربی اعلم) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح۔ (بعبادی انکم) نافع کے لئے بالفتح (ان معی ربی) حفص کے لئے بالفتح۔ (عدوٌ لی الا رب۔ لابی انه) نافع بصری کے لئے بالفتح (ومن معی) ورش حفص کے لئے بالفتح (ان اجری الا) پانچ جگہ نافع بصری شامی اور حفص کے لئے بالفتح۔ اور باقیین کے لئے بالاسکان ہیں :۔ تمت

سُوْرَۃُ النَّمل

(بشهاب) کوفیین کے لئے بالتنوین اور باقیین کے لئے بغیر تنوین ہے۔ (اَوْ لَيَأْتِيَنِّيْ) مکی کے لئے دو نون سے پہلا مفتوح مشدد دوسرا مکسور مخفف ہے۔ اور باقیین کے لئے صرف ایک نون مشدد کا حفص ہے۔ (فمکث) عاصم کے لئے بفتح الکاف اور باقیین کے لئے بضم الکاف (لغتان) ہے۔ (من سَبَاٍ) یہاں اور سبا میں بزی و بصری کے لئے بفتح الهمزہ بغیر تنوین ہے اور قنبل کے لئے بسکون الهمزہ وصلاً بنیۃ الوقف ہے اور باقیین کے لئے بکسر الهمزہ مع التنوین کا حفص ہے۔ (الا یسجدوا) کسائی کے لئے بتخفیف اللام اور باقیین کے لئے بتشدید اللام کا حفص ہے۔ (ما تخفون وما تعلنون) حفص اور کسائی کے لئے دونوں بالتاء ہیں اور باقیین کے لئے بالیاء۔ (فَاَلْقِهْ اِلَيْهِمْ) اس میں چار قرائتیں ہیں قالون کے لئے اختلاس کسرہ ہاء۔ بصری عاصم حمزہ کے لئے اسکان ہا۔ اور ہشام کے لئے اختلاس

[1] یعنی بوجہ اختلاف باب یہ اختلاف قرأت ہے نقط منہ غفرلہٗ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

وصلہ۔ اور باقین کے لئے صرف صلہ اور وہ ورش مکی ابن ذکوان وکسائی ہیں۔ (انا آتیک) دو جگہ خلف کے لئے بلا خلف اور خلاد کے لئے بالخلف آتیک کے الف میں امالہ محضہ ہے اور باقیوں کے لئے بالفتح کا حفص ہے۔ (عن ساقیہا) اور صاد میں بالسوق، اور فتح میں علی سوقہ قنبل کے لئے تینوں جگہ ہمزہ ساکنہ اور باقین کے لئے بغیر ہمزہ کا حفص ہے۔ (لَنُبَيِّتَنَّهُ ثم لَتَقُولُنَّ) اخوین کے لئے دونوں جگہ بالتاء اور پہلے میں دوسری تا مضموم اور دوسرے میں دوسرا لام مضموم ہے۔ اور باقین کے لئے بالنون مع فتح التاء والام کا حفص ہے۔ (مہلک اہلہ) کہف میں گذر چکا۔ (انا دمرنٰہم) کوفیین کے لئے بفتح ہمزہ اور باقین کے لئے بکسر ہمزہ ہے۔ (قدرنٰہا) حجر میں مذکور ہوچکا۔ (خیرٌ اما یشرکون) بصری وعاصم کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء۔ (قلیلاً ما تذکرون) بصری اور ہشام کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء۔ (بل ادرک علمہم) مکی بصری کے لئے باسکان لام بل و ادرک ہمزہ قطعی مفتوح مع سکون دال۔ اور باقین کے لئے بکسر اللام و ہمزہ وصل و تشدید دال مفتوحہ والالف کا حفص۔ (اذا کنا ترابا) نافع کے ہمزہ واحدہ مکسورہ بنا بر خبر کے اور باقین کے لئے ہمزتین بنا بر استفہام کے ہے اور وہ لوگ اپنے اصول پر ہیں تحقیق و تسہیل کے بارے میں اور بالتفصیل سورہ رعد میں مذکور ہوچکا ہے۔ (اننا لمخرجون) شامی وکسائی کے لئے یہ کلمہ دو نون سے ہے اور باقین کے لئے نون واحدہ ہے کا حفص وغیرہ۔ یہ بھی رعد میں گذر چکا ہے الریح بقرہ میں اور نشراً اعراف میں و فی ضیق نحل میں مذکور ہوچکے ہیں۔ (ولا یسمع) مکی کے لئے بیائے مفتوحہ مع فتح میم والصمُّ بالرفع ہے اور اسی طرح روم میں بھی ہے اور باقین کے بتائے مضمومہ مع کسر المیم والصمَّ بالنصب کا حفص۔ (وما انت تہدی) حمزہ کے لئے یہاں اور روم میں بتائے مفتوحہ مع سکون الہاء والعُمْیَ بالنصب اور باقین کے لئے بہائے مکسورہ مع فتح الہاء والالف والعُمْیِ بالکسر کا حفص ہے۔ (ان الناس) کوفیین کے لئے بفتح الہمزہ اور باقین کے لئے بکسر الہمزہ ہے۔ (وکل أَتَوْہُ) حفص وحمزہ کے لئے بقصر الہمزہ مع فتح التاء اور باقین کے لئے بمد الہمزہ وضم التاء ہے۔ (خبیرٌ

ے اور قنبل کے لئے ہمزہ مضمومہ قبل واو ساکنہ کی وجہ بھی سورہ صاد و فتح میں منقول ہے فقط واللہ اعلم منہ غفرلہ

Scanned with CamScanner

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

بما یفعلون) مکی بصری اور ہشام کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء کا حفص ہے۔ (من فزعٍ) کوفیین کے لئے بالتنوین اور باقیین کے لئے بغیر تنوین (یومئذٍ) نافع و کوفیین کے لئے بفتح المیم اور باقیین کے لئے بکسر المیم۔ (عما تعملون) ہود میں گذرا۔

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ پانچ ہیں (انی آنست) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح (اوزعنی ان اشکر) ورش و بزی کے لئے بالفتح (ما لی لا اری) مکی ہشام عاصم اور کسائی کے لئے بالفتح (انی القی۔ لیبلونی) نافع کے لئے بالفتح۔ اور باقیین کے لئے جملہ یاآت اضافہ بالاسکان ہیں۔

اور یائے زائدہ اسمیں دو ہیں (اَتُمِدُّوْنَنِ بِمَالٍ) مکی و حمزہ کے لئے مطلقاً اور نافع و بصری کے لئے صرف وصلاً اثبات ہے اور باقیین کے لئے مطلقاً حذف کا حفص ہے اور حمزہ کے لئے یہ کلمہ بنون واحدہ مشددہ اور باقیین کے لئے بنونین کا حفص ہے اور دوسری (فما آتٰنِ َ اللّٰہ) قالون بصری اور حفص کے لئے بلاخلف وصل میں اثبات بالفتح ہے اور وقف میں ان کے لئے دو وجہ اثبات و حذف ہے اور ورش کے لئے وصلاً اثبات اور وقفاً حذف۔ اور باقیین کے لئے مطلقاً حذف ہے۔ اور علی واد النمل میں وادِ پر کسائی کے لئے وقف بالیاء ہوگا۔ اور بقیہ قراء کے لئے بغیر الیاء کا حفص ہوگا۔ تمت سورۃ النمل

سورۃ القصص

(وَ نُرِیَ فرعونَ وھامٰنَ و جنودَھُما) اخوین کے لئے بیائے مفتوحہ مع فتح الراء و رفع کلمات ثلٰثہ۔ اور باقیین کے لئے بنون مضمومہ و کسر الراء مع نصب کلمات ثلٰثہ مثل قراءت حفص ہے۔ (عَدُوًّا وَّ حَزَنًا) اخوین کے لئے بضم الحاء و سکون الزاء۔ اور باقیین کے لئے بفتحتین کا حفص ہے۔ (حتی یُصْدِرَ الرِّعَاءُ) بصری شامی کے لئے بیائے مفتوحہ و ضم الدال۔ اور باقیین کے لئے بیائے مضمومہ و کسر الدال کا حفص ہے (یٰاَبَتِ) یوسف میں اور (ھٰاتین) نساء میں اور لاھلہ امکثوا) طٰہٰ میں پہلے مذکور ہو چکے ہیں۔ (اَوْ جَذْوَۃٍ) عاصم کے لئے بفتح الجیم اور حمزہ کے لئے بضم الجیم۔ اور باقیین کے لئے بکسر الجیم ہے۔

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(من الرھب) حفص کے لئے بفتح الراء و سکون الہاء۔ اور حرمیین و بصری کے لئے بفتحتین اور باقیین کے لئے بضم الراء و سکون الہاء ہے (فذٰنك) مکی بصری کے لئے بتشدید النون۔ اور باقیین کے لئے بتخفیف النون کا حفص ہے (معی ردًا) نافع کے لئے بفتح الدال مع التنوین بغیر ہمزہ۔ اور باقیین کے لئے بسکون الدال مع ہمزۂ منونہ کا حفص ہے (یصدقنی) عاصم حمزہ کے لئے بضم القاف۔ اور باقیین کے لئے بجزم القاف ہے۔ (قال موسٰی) مکی کے لئے بغیر واؤ۔ اور باقیین کے لئے بالواو کا حفص ہے۔ (من یکون لہ) انعام میں مذکور ہوا ہے (الینا لا یرجعون) نافع و اخوین کے لئے بفتح الیاء و کسر الجیم۔ اور باقیین کے لئے بضم الیاء و فتح الجیم کا حفص ہے (ائمۃً) توبہ میں گذر چکا ہے۔ (قالوا سحران) کوفیین کے لئے بکسر السین و سکون الحاء بغیر الف ہے۔ اور باقیین کے لئے بفتح السین و الالف مع کسر الحاء ہے۔ (یجبٰی الیہ) نافع کے لئے بالتاء اور باقیوں کے لئے بالیاء کا حفص ہے۔ (فی امھا رسولًا) نساء میں مذکور ہوا۔ (افلا تعقلون) بصری کے لئے بالیاء اور باقیوں کے لئے بالتا کا حفص ہے (ثم ھو) بقرہ میں اور بضیاءٍ یونس میں مذکور ہوئے ہیں۔ اور ویکان اللہ اور ویکانہ پر وقف باب الوقف میں گذر چکا ہے (لخسف بنا) حفص کے لئے بفتح الخاء و السین اور باقیین کے لئے بضم الخاء و کسر السین ہے:۔

اور اس سورہ میں یاآت اضافہ بارہ ہیں۔ (ربی ان۔ یھدینی۔ انی آنست۔ انی انا اللہ۔ انی اخاف۔ ربی اعلم۔ عندی اولم یعلم۔ ربی اعلم) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح ہیں لیکن عندی اولم یعلم میں مکی کے لئے بالخلف فتح ہے۔ (انی ارید۔ ستجدنی ان شاء اللہ) نافع کیلئے بالفتح ہے۔ (لعلی آتیکم۔ لعلی اطلع) حرمیین و بصری اور شامی کے لئے بالفتح۔ (معی ردًا) حفص کے لئے بالفتح ہے اور باقیین کے لئے جملہ یاآت مذکورہ بالا اسکان ہیں:۔ اور یائے زائدہ صرف ایک ان یکذبون ہے جو صرف ورش کے لئے وصلاً بالاثبات ہے بقیہ کے لئے مطلقًا بالحذف:۔

(تمت سورۃ القصص)

Scanned with CamScanner

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سورۃ العنکبوت

(اَوَلَمْ تَرَوْا كَيْفَ) شعبہ اور اخوین کے لئے بالتاء اور باقین کے لئے بالیاء کا لحفص ہے۔ (النَّشْاَةَ) یہاں اور نجم اور واقعہ میں مکی و بصری کے لئے بفتح الشین والالف بعد الشین مع ہمزۂ مفتوحہ اور باقین کے لئے بسکون الشین بغیر الف مع ہمزۂ مفتوحہ کا لحفص ہے۔ اور وقف میں حمزہ کے لئے ہمزہ کی حرکت شین کی طرف منقول ہوگی اور ہمزہ محذوف ہوجائے گا۔ کما فی الاصول۔ (مَوَدَّةُ) مکی بصری اور کسائی کے لئے بالضم بغیر تنوین اور بَيْنِكُمْ بکسر نون۔ اور حفص وحمزہ کے لئے مَوَدَّةَ بالفتح بغیر تنوین اور بَيْنِكُمْ بالکسر۔ اور باقین کے لئے مَوَدَّةً بالفتح مع التنوین اور بَيْنَكُمْ بالفتح ہے۔ (انکم لَتَاْتُوْنَ) حرمیین شامی اور حفص کے لئے ہمزہ واحدہ مکسورہ بنا بر خبر ہے اور باقیوں کیلئے بہمزتین ہے۔ اور ثانی میں بالاتفاق سب کے لئے دو ہمزہ ہے بنا بر استفہام۔ اور مزید تفصیل سورۂ رعد میں مذکور ہو چکی ہے فارجع الیہ (لَنُنَجِّيَنَّهٗ) اخوین کے لئے مخفف اور باقین کے لئے مشدد ہے کا لحفص۔ (اِنَّا مُنَجُّوْكَ) مکی شعبہ واخوین کے لئے مخفف ہے اور باقین کے لئے مشدد کا لحفص ہے (سِيْٓءَ بِهِمْ۔ وثمود) ہود میں اور (انا منزلون آل عمران میں ذکر کئے گئے ہیں۔ (ما یدعون) عاصم اور بصری کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء (آيٰتٌ من ربه) مکی شعبہ اور اخوین کے لئے بالتوحید اور باقین کے لئے بالجمع کا لحفص ہے۔ (ویقول ذوقوا) نافع اور کوفیین کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالنون ہے۔ (الینا یرجعون) شعبہ کے لئے بالیاء اور باقین کے لئے بالتاء کا لحفص ہے (لنثوینهم) اخوین کے لئے بثائے ساکنہ بغیر ہمزہ۔ اور باقیوں کے لئے بیائے مفتوحہ مع ہمزہ مفتوحہ کا لحفص ہے۔ (وَلْيَتَمَتَّعُوْا) قالون مکی اور اخوین کے لئے بسکون اللام اور باقین کے لئے بکسر اللام کا لحفص ہے۔ اور اس سورہ میں یاآت اضافہ تین ہیں۔ (الٰی ربی انه) نافع بصری کے لئے بالفتح (يٰعِبَادِیَ الذين) بصری اور اخوین کے لئے وصلاً اس کی یاء حذف ہوگی اور وقفاً ثابت رہیگی۔ اور باقین کے لئے

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

مطلقاً اثبات یاء ہے پس وصل میں ان کے لئے بالفتح اور وقف میں بالاسکان ہوگی۔ (ان اَرْضِی وَاسِعَۃٌ) شامی کے لئے بالفتح ہے۔ اور باقیین کے لئے بالاسکان کا حفص ہے:

تمت سورۃ القصص

سُوْرَۃُ الرُّوْم

(ثم کان عاقبۃَ الذین) شامی اور کوفیین کے لئے بنصب عاقبۃ اور باقیین کے لئے بالرفع ہے (ثم الیہ یرجعون) بصری وشعبہ کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء کا حفص ہے۔ (وکذٰلک تخرجون) اور جاثیہ میں فالیوم (لا یخرجون منہا) اخوین کے لئے دونوں میں حرف اول مفتوح اور راء مضموم ہے اور باقیین کے لئے اول دونوں کا مضموم اور راء مفتوح ہے کا حفص۔ (للعٰلِمِیْنَ) حفص کے لئے بکسر لام اور باقیین کے لئے بفتح لام ہے (فَرِحُوْا) انعام میں اور یقنطون حجر میں اور (وَمَا اٰتیتم من ربًا) بقرہ میں گذر چکے ہیں۔ (لِتُرْبُوْا) نافع کے لئے بتائے مضمومہ وسکون الواو اور باقیین کے لئے بیائے مفتوحہ وفتح الواو کا حفص ہے۔ (عما یشرکون) یونس میں مذکور ہے۔ (لنذیقہم) قنبل کے لئے بالنون اور باقیین کے لئے بالیاء کا حفص ہے۔ (یرسل الریح) بقرہ میں مذکور ہو چکا۔ (کسفًا) شامی کے لئے بسکون السین لیکن ہشام کے لئے بالخلف ہے اور باقیین کے لئے بفتح السین کا حفص ہے۔ (الی اثٰر رحمۃِ اللہ) شامی حفص اور اخوین کے لئے بالالف مع المد بنابر جمع اور باقیین کے لئے بغیر الف بنابر واحد اَثَرِ رَحْمَۃِ اللہ ہے (ولا یسمع الصم وما انت تہدی العمی) نمل میں مذکور ہو چکے ہیں (من ضعفٍ ثلٰثۃ) شعبہ وحمزہ کے لئے بالفتح الضاد اور حفص کے لئے بھی بفتح الضاد ثابت ہے لیکن ضمہ ضاد ان کے لئے مختار ہے اور فتحہ ضاد متروک ہے اور باقیین کے لئے بضم الضاد ہے تینوں جگہ۔ (لا ینفع الذین) کوفیین کے لئے یہاں بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء ہے۔

اس سورہ میں یائے اضافہ وزائدہ نہیں ہے:

تمت سُوْرَۃُ الرُّوْم

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ لُقْمٰن

(ھُدًی وَّرَحْمَةً) حمزہ کے لئے بالرفع اور باقیین کے لئے بالنصب ہے۔ (لیضل) ابراہیم میں اور فی اذنیہ مائدہ میں گذر چکے۔ (وَیَتَّخِذَھَا ھُزُوًا) حفص واخوین کے لئے بفتح ذال یَتَّخِذَ اور باقیین کے لئے بضم الذال ہے۔ (یٰبُنَیَّ لَاتُشْرِكْ) مکی کے لئے باسکان الیاء مطلقاً مع التخفیف اور باقیین کے لئے بکسر الیاء مع التشدید لیکن حفص کے لئے بفتح الیاء مع التشدید ہے۔ (یٰبُنَیَّ اِنَّھَا) حفص کے لئے بفتح الیاء مع التشدید اور باقیین کے لئے بکسر الیاء مع التشدید ہے۔ (یٰبُنَیَّ اَقِمِ الصَّلٰوۃَ) بزی حفص کے لئے بفتح الیاء مع التشدید اور قنبل کے لئے باسکان الیاء مع التخفیف۔ اور باقیین کیلئے بکسر الیاء مع التشدید ہے (مثقال حبۃٍ) انبیاء میں گذر چکا۔ (وَلَاتُصَعِّرْخَدَّكَ) مکی شامی اور عاصم کے لئے بتشدید العین بغیر الف اور باقیین کے لئے بالالف مع تخفیف العین۔ (علیکم نِعَمَهٗ) نافع بصری اور حفص کے لئے جمع مضاف ہے ضمیر مذکر کی جانب اور باقیین کے لئے واحد مع تائے تانیث نِعْمَةً ہے۔ (والبحر یمدہٗ) بصری کے لئے بفتح الراء اور باقیین کے لئے بضم الراء کا حفص ہے۔ (وانما تدعون) حج میں گذر چکا۔ (وینزل الغیث) یہاں اور شوریٰ میں نافع شامی اور عاصم کے لئے بتشدید الزاء اور باقیین کے لئے بتخفیف الزاء ہے جیسا کہ بقرہ میں مذکور ہوا۔ اس سورہ میں بھی یائے اضافہ و زائدہ نہیں ہے۔

تَمَّتْ سُوْرَۃُ لُقْمٰن

سُوْرَۃُ السَّجْدَۃ

(کل شیءٍ خلقہٗ) مکی بصری اور شامی کے لئے بسکون اللام اور باقیین کے لئے بفتح اللام کا حفص ہے۔ (ءَاِذَا ضَلَلْنَا فِی الْاَرْضِ ءَاِنَّا لَفِیْ) نافع کسائی کے لئے اول میں استفہام اور ثانی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

میں خبر ہے اور شامی کے لئے اول میں خبر اور ثانی میں استفہام ہے اور باقیین کے لئے دونوں میں استفہام ہے اور تسہیل و تحقیق میں قراء اپنے اصول پر ہیں جیسا کہ رعد میں بالتفصیل مذکور ہے۔ (ما اخفی لھم) حمزہ کے لئے بسکون الیاء اور باقیین کے لئے بالفتح کا حفص ہے۔ (لما صبروا) اخوین کے لئے بکسر لام مع تخفیف میم اور باقیین کے لئے بفتح اللام مع تشدید المیم کا حفص ہے۔ تمت سورۃ السجدۃ

سُوْرَۃُ الْاَحْزَاب

(بما یعملون خبیرا) و (بما یعملون بصیرا) بصری کے لئے بالیاء اور باقیین کے لئے بالتاء کا حفص ہے۔ (الّٰیٓء) یہاں اور مجادلہ اور طلاق میں قالون و قنبل کے لئے ہمزہ مکسورہ مخففہ بغیر الیاء اللائِ ہے اور ورش بزی بصری کے لئے تسہیل ہمزہ بین بین مع المد والقصر۔ اور بزی بصری کے لئے ہمزہ کا یائے ساکنہ سے ابدال بھی مع المد الطویل مثل عقائی وصلا مقرو ہے۔ اور شامی و کوفیین کے لئے ہمزہ مکسورہ بعدہٗ یائے ساکنہ کا حفص ہے۔ (تُظٰھِرُوْنَ) عاصم کے لئے بضم التاء مع تخفیف ظا والالف و کسر الہاء۔ اور شامی کے لئے بفتح التاء والہاء مع تشدید ظا والالف اور اخوین کے لئے بھی اسی طرح ہے لیکن ظا مخفف ہے۔ اور باقیین کے لئے بفتح التاء مع تشدید الظاء والہاء بغیر الف ہے۔ (الظنونا الرسولا السبیلا) حمزہ و بصری کے لئے تینوں مطلقا بحذف الالف ہیں اور مکی حفص کسائی کے لئے وصلا الف حذف ہے اور وقفا ثابت ہے۔ اور باقیین کے لئے مطلقا اثبات الف ہے (لا مُقامَ لکم) حفص کے لئے بضم المیم الاولیٰ۔ اور باقیین کے لئے بفتح المیم ہے۔ (لاٰتَوْھَا) حرمیین کے لئے بقصر الالف اور باقیین کے لئے بمد الالف کا حفص ہے۔ (اُسْوَۃٌ) یہاں دو جگہ اور ممتحنہ میں عاصم کے لئے بضم ہمزہ اور باقیین کے لئے بکسر ہمزہ ہے۔ (الرعب) آل عمران میں و (مبینۃ) نساء میں گذر چکے۔ (نضعف لھا) مکی و شامی کے لئے بنون مضمومہ و عین مکسورہ مشددہ بغیر الف اور العذابَ بالنصب ہے اور باقیین کے لئے بیائے مضمومہ و عین مفتوحہ مع رفع

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

(العذاب) پھر بصری کے لئے بتشدید العین مع حذف الالف ہے اور باقیوں کے لئے بتخفیف العین مع الالف ہے۔ (ویعمل صالحاً یؤتھا اجرھا) اخوین کے لئے دونوں جگہ بالیاء اور باقیوں کے لئے پہلے میں بالتاء اور ثانی میں بالنون ہے کالحفص۔ (وقرن فی) نافع عاصم کے لئے بفتح القاف اور باقین کیلئے بکسر القاف ہے۔ (ولا تبرجن) بزی کے لئے بتشدید التاء مع المد اور باقین کے لئے کالحفص ہے (ان یکون لھم) ہشام اور کوفیین کے لئے بالیاء اور باقیوں کے لئے بالتاء۔ (وخاتم النبیین) عاصم کے لئے بفتح التاء اور باقین کے لئے بکسر التاء۔ (ان تمسوھن) بقرہ میں و ترجی توبہ میں اور اناہ امالہ کے باب میں گذر چکے ہیں۔ (لا تحل لک) بصری کے لئے بالتاء اور باقین کے لئے بالیاء کالحفص (سادتنا) شامی کے لئے بالجمع وکسر التاء ساداتنا ہے اور باقین کے لئے بالتوحید مع فتح التاء کالحفص ہے۔ (ولا ان تبدل) بزی کے لئے بتشدید التاء اور باقین کے لئے بالتخفیف کالحفص ہے۔ (لعناً کبیراً) عاصم کے لئے بیائے موحدہ اور باقین کے لئے بثائے مثلثہ ہے۔ ولیس فیہا من الیاآت شئی

تمت سورۃ الاحزاب بفضلہ

سورۃ سبا

(علٰم الغیب) اخوین کے لئے لام مشدد کے بعد الف ہے اور میم مکسورہ ہے۔ اور باقین کے لئے عین کے بعد الف ہے اور لام مخفف ہے۔ پھر نافع شامی کے لئے برفع المیم اور باقیوں کے لئے بکسر المیم کالحفص ہے۔ (لا یعزب) یونس میں اور معجزین حج میں مذکور ہو چکے۔ (من رجز الیم) یہاں اور جاثیہ میں مکی وحفص کے لئے برفع المیم اور باقین کے لئے بجر المیم۔ (ان نشأ نخسف بھم او نسقط) اخوین کے لئے تینوں جگہ بالیاء اور باقین کے لئے بالنون کالحفص اور ادغام فاء کا باء میں کسائی کے لئے ہوگا۔ (کسفاً) اسراء میں گذر چکا ہے۔ (ولسلیمٰن الریح) شعبہ کے لئے برفع الریح ہے اور باقین کے لئے بنصب الریح کالحفص ہے۔ (منساتہ) نافع بصری کے لئے بالف ساکنہ بغیر ہمزہ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

ہے اور ابن ذکوان کے لئے ہمزہ ساکنہ۔ اور باقین کے لئے ہمزہ مفتوحہ کا لحفص ہے۔ (لِسَبَاٍ) نمل میں گذر چکا۔ (فی مسکنھم) حفص وحمزہ کے لئے بسکون السین وفتح الکاف۔ اور کسائی کے لئے بکسر الکاف اور باقین کے لئے بفتح السین والالف مع کسر الکاف بالجمع ہے۔ (ذواتی اکل خمط) بصری کیلئے بغیر تنوین لام۔ اور باقین کے لئے مع التنوین کالحفص ہے۔ اور حرمیین کے لئے بسکون الکاف اور باقیوں کے لئے بضم الکاف ہے جیسا کہ بقرہ میں مذکور ہوا۔ (وھل نجزی) حفص واخوین کے لئے بالنون مع کسر الزاء اور (الا الکفور) بالنصب ہے اور باقین کے لئے بضم الیاء مع فتح الزاء یُجازٰی والا الکفورُ بالرفع ہے۔ (ربنا بعد بین) مکی بصری اور ہشام کے لئے بتشدید العین مع حذف الالف اور باقین کے لئے بالالف مع التخفیف کالحفص ہے۔ (ولقد صدق) کوفیین کے لئے بتشدید الدال اور باقین کے لئے بتخفیف الدال ہے۔ (لمن أذِنَ) بصری اور اخوین کے لئے ہمزہ مضمومہ اور باقین کے لئے ہمزہ مفتوحہ کالحفص۔ (اذا فزع) شامی کے لئے بفتح الفاء والزاء اور باقین کے لئے بضم الفاء وکسر الزاء کالحفص ہے۔ اور زاء بالاتفاق مشدد ہے۔ (فی الغرفت) حمزہ کے لئے بغیر الف بنا بر واحد کے ہے۔ اور باقین کے لئے بالالف بنا بر جمع ہے کالحفص۔ (ویوم یحشرھم ثم یقول) انعام میں مذکور ہوچکا ہے۔ (التناوش) حرمیین وشامی اور حفص کے لئے بضم الواو ہے اور باقین کے لئے ہمزہ مضمومہ۔ (وحیل بینھم) یہاں اور زمر میں وسیق الذین شامی وکسائی کے لئے بالاشمام اور باقین کے لئے بکسرۂ خالصہ کالحفص ہے۔

اور یاآت اضافہ تین ہیں (عبادی الشکور) حمزہ کے لئے بالاسکان۔ (ان اجری الا) مکی شعبہ اور اخوین کے لئے بالاسکان۔ (ربی انہ) نافع بصری کے لئے بالفتح ہے۔

اور یائے زائدہ دو ہیں (کالجواب) مکی کے لئے مطلقاً اور ورش بصری کے لئے وصلاً اثبات ہے۔ (وکان نکیر) صرف ورش کے لئے وصلاً اثبات ہے اور باقین کے لئے مطلقاً حذف کالحفص ہے۔

تَمَّتْ سُوْرَۃُ سَبَا بِفَضْلِہٖ تَعَالٰی

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ فَاطِر

(غَیْرُ اللّٰہِ) اخوین کے لئے بکسر الراء اور باقین کے لئے بالضم الراء کا حفص ہے (ارسل الرّیٰح) بقرہ میں (بلد میت) آل عمران میں مذکور ہو چکے ہیں۔ (وکذٰلک یدخلونہا) بصری کے لئے بیائے مضمومہ وخائے مفتوحہ اور باقین کے لئے بیائے مفتوحہ وخائے مضمومہ کا حفص ہے۔ (ذٰلولؤًا) حج میں گزر چکا۔ (وکذٰلک یجزی) بصری کے لئے بیائے مضمومہ وزائے مفتوحہ اور کُلُّ کَفُوْرٍ بالرفع اور باقین کے لئے بنون مفتوحہ وزائے مکسورہ وکُلَّ کَفُوْرٍ بالنصب کا حفص ہے۔ (عَلٰی بَیِّنٰتٍ) نافع اور شعبہ اور کسائی کے لئے بالالف بنا بر جمع۔ اور باقیوں کے لئے بغیر الف بنا بر مفرد کا حفص ہے۔ (ومکر السیّئ) حمزہ کے لئے وصلاً بہمزہ ساکنہ اور باقین کے لئے بہمزہ مکسورہ کا حفص ہے۔

اور اس سورۃ میں یائے اضافہ نہیں ہے۔ اور یائے زائدہ صرف ایک (کان نکیر) المرتضی ورش کے لئے صرف وصلاً اثبات ہے۔ تمّت سُوْرَۃُ فَاطِر بفضلہٖ

سورۃ یٰسٓ

(یٰسٓ) شعبہ اور اخوین کے لئے امالہ فتح یاء اور باقین کے لئے بالفتح کا حفص اور ادغام ورش شامی شعبہ اور کسائی کے لئے ہے اور بقیہ کے لئے اظہار ہے۔ اسی طرح نٓ والقلم میں بھی ورش شامی شعبہ کسائی کے لئے ادغام ہے لیکن ورش کے لئے بالخلف ہے اور باقین کے لئے دونوں جگہ اظہار ہوگا ؛؛ (تنزیلَ العزیز) شامی حفص اور اخوین کے لئے بالفتح لام تنزیلَ ہے۔ اور باقین کے لئے بالضم لام ہے۔ (سُدًّا) دو جگہ حفص و اخوین کے لئے بالفتح السین اور باقین کے لئے بالضم السین (فعزّزنا) شعبہ کے لئے تخفیف الزاء اور باقین کے لئے بتشدید الزاء کا حفص ہے (لما جمیع لدینا) ہود میں

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

اور (الارض المیتۃ) و (من ثمرہ) انعام میں گذر چکے ہیں۔ (وما عملت ایدیھم) شعبہ اور اخوین کے لئے بغیر ہاء۔ اور باقیین کے لئے بالہاء کا ہے۔ (والقمر قدرنٰہ) شامی اور کوفیین کے لئے بنصب القمرَ اور باقیین کے لئے برفع القمرُ ہے۔ (ذریتھم) نافع شامی کے لئے بالجمع مع کسر التاء اور باقیوں کے لئے واحد مع فتح التاء کا حفص ہے۔ (یخصمون) اس میں پانچ قرأتیں ہیں قالون کے لئے بالخلف وبصری کے لئے بلا خلف اختلاس فتح خا و تشدید الصاد اور قالون کی دوسری وجہ سکون خا مع التشدید ہے اور ورش مکی و ہشام کے لئے بفتح الخا مع التشدید اور ابن ذکوان شعبہ و حفص و کسائی کے لئے بکسر الخاء مع التشدید۔ اور حمزہ کے لئے بسکون الخاء مع تخفیف الصاد بالکسر ہے۔ (من مرقدنا) کہف میں گذر چکا۔ (فی شغلٍ) حرمیین و بصری کے لئے بسکون الغین اور باقیین کے لئے بضم الغین کا حفص۔ (فی ظُلَلٍ) اخوین کے لئے بضم ظا بغیر الف اور باقیین کے لئے بکسر ظا و بالالف ظلالٍ ہے (جبلاً کثیراً) نافع عاصم کے لئے ظاہر ہے اور مکی اخوین کے لئے بضم الجیم و الباء مع تخفیف اللام۔ بصری و شامی کے لئے بضم الجیم و سکون الباء مع التخفیف (علیٰ مکانتھم) انعام میں مذکور ہو چکا ہے۔ (ننکسہ فی الخلق) عاصم و حمزہ کے لئے بضم نون اول و فتح نون ثانی و کسر الکاف مع التشدید۔ اور باقیین کے لئے بفتح نون اول و سکون نون ثانی و ضم کاف مع التخفیف ہے۔ (افلا تعقلون) نافع و ابن ذکوان کے لئے یہاں بالتا اور باقیین کے لئے بالیا کا حفص ہے۔ (لتنذر من کان) نافع و شامی کے لئے یہاں بالتاء اور باقیین کے لئے بالیاء کا حفص۔ (ومشارب) ہشام کے لئے امالہ ہے اور باقیین کا حفص ہیں۔ (فیکون) بقرہ میں گذرا ـــــ اس سورہ میں یاآت اضافہ تین ہیں۔ (ومالی لا اعبد) حمزہ کے لئے بالاسکان (انی اذاً لفی) نافع و بصری کے لئے بالفتح۔ (انی آمنت) حرمیین و بصری کے لئے بالفتح ہے۔

اور یائے زائدہ صرف ایک ولا ینقذون ہے جو صرف ورش کے لئے وصلاً بالاثبات ہے۔ اور باقیین کے لئے مطلقاً حذف کا حفص ہے۔

تمت سورۃ یٰس بفضلہ تعالےٰ

" محکم دلائل سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ "

www.KitaboSunnat.com

سُوْرَۃُ الصّٰفّٰتِ

